www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

ABC Certified

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 12 | جمعرات 24 ستمبر 2026ء بمطابق 11 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 57 | قیمت 10 روپے

لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود ملٹی دفاعی معاہدے کے پہلے سیکرٹری جنرل مقرر

حکومت پاکستان نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کی تقرری کا اعلان کیا' وہ ریاض میں قائم کیے جانے والے اتحاد کے جنرل سیکریٹریٹ کی قیادت کریں گے

حال ہی میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں' اتحاد کے جنرل سیکریٹریٹ کی سربراہی سیکرٹری جنرل کریں گے، جس کا مرکز ریاض میں ہوگا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت پاکستان نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود کو معاہدے کا پہلا سیکرٹری جنرل مقرر کردیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق حکومت پاکستان نے لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود کی تقرری کا اعلان کیا ہے۔ وہ ریاض میں قائم کیے جانے والے اتحاد کے جنرل سیکریٹریٹ کی قیادت کریں گے۔ دفتر خارجہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت قائم ہونے والے اتحاد کے جنرل سیکریٹریٹ کی سربراہی سیکرٹری جنرل کریں گے، جس کا مرکز ریاض میں ہوگا۔ واضح رہے کہ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 1

نیویارک: وزیراعظم شہباز شریف سے گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس ملاقات کررہے ہیں

افغان طالبان رجیم کی پاکستان پر حملے کی کوشش

پاک فوج نے تمام ڈرونز گرادیئے

افغان طالبان رجیم کی جانب سے 8 ڈرونز پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہوئے' 4 ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں میں گرائے گئے' مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی، 9 خوارج مارے گئے، اسلحہ و گولہ بارود برآمد

کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلااشتعال فائرنگ، پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب، دشمن کی توپیں خاموش کرادیں' دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر سپوتوں پر فخر ہے' محسن نقوی

کرم/پشاور/مستونگ/تربت/راولپنڈی/اسلام آباد (ویب ڈیسک) افواج پاکستان نے افغان طالبان رجیم کی جانب سے مبینہ طور پر ڈرونز کے ذریعے فضائی حدود کی خلاف ورزی کی کوشش ناکام بنا دی۔ پاکستانی حدود میں داخل ہونے والے 8 ڈرونز مار گرائے گئے، کرم سیکٹر میں افغان طالبان کی جانب سے پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلااشتعال فائرنگ کی گئی تاہم پاکستانی فورسز کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے دشمن کی توپیں خاموش کرادیں، جبکہ مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کے دوران 9 خوارج دہشت گرد مارے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق بدھ کی صبح افغان // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 2

عالمی توجہ توانائی کے تحفظ کے چیلنج کی جانب مرکوز ہے، وزیرخزانہ

ادویات کی قابل استطاعت قیمتوں، تجارتی پائیداری اور فراہمی کے تسلسل کے درمیان توازن کی ضرورت ہے

نیویارک (ویب ڈیسک) وفاقی وزیرخزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ جغرافیائی و سیاسی تنازعات اور ایندھن کی فراہمی میں رکاوٹوں کے باعث عالمی توجہ توانائی کی سلامتی سے بڑھ کر توانائی کے تحفظ کے فوری چیلنج کی جانب مرکوز ہوگئی ہے، ادویات کی قابل استطاعت قیمتوں، تجارتی پائیداری اور فراہمی کے تسلسل کے درمیان توازن کی ضرورت ہے، لاس اینڈ ڈیمیج فنڈ کو فعال بنانے میں سست پیش رفت قابل تشویش ہے، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کی صلاحیت کا آغاز ملکی معاشی استحکام اور مناسب مالیاتی بیرونی گنجائش سے ہونا چاہیے۔ وہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے // 81 باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 3

وزیرمملکت داخلہ طلال چوہدری کا پٹرول پمپس کا دورہ

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے وفاقی دارالحکومت کے مختلف پٹرول پمپس کا دورہ کیا اور وزیراعظم پاکستان کی جانب سے فراہم کردہ پیٹرول ریلیف سکیم پر عملدرآمد سمیت شہریوں کو دی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے بتایا کہ اسلام // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 5

پاکستان اور آئی ایم ایف مذاکرات شروع، 1.2 ارب ڈالر ملنے کا امکان

پاکستان نے زرمبادلہ ذخائر 17 ارب ڈالر سے زیادہ رکھنے کا ہدف حاصل کرلیا، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے مزید 20 کروڑ ڈالر ملنے کی توقع

پہلے مرحلے میں اسٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی مذاکرات کیے جائیں گے جس میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، بنیادی شرح سود اور ایکسچینج ریٹ پر بات ہوگی، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان مذاکرات بدھ سے شروع ہوگئے ہیں جس کی کامیابی پر 1.2 ارب ڈالر ملنے کا امکان ہے۔ ایکسٹینڈڈ فنڈ فسیلٹی پروگرام کے تحت اقتصادی جائزے کے لیے آئی ایم ایف کا وفد پاکستان پہنچ گیا ہے۔ قرض پروگرام کے پانچویں قسط کے لیے مذاکرات 2 ہفتے جاری رہیں گے اور کامیابی کی صورت میں پاکستان کو 1.2 ارب ڈالر قسط ملنے کا امکان ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف مشن اسٹیٹ بینک حکام کے ساتھ مذاکرات کا آغاز کرے گا۔ پہلے مرحلے میں اسٹیٹ بینک حکام سے تکنیکی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 4

وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی سے امریکی سفیر کی ملاقات

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے اہم ملاقات کی جس میں پاک امریکا تعلقات کے فروغ، سرمایہ کاری کے نئے مواقع اور علاقائی سیکورٹی کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت داخلہ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات میں خطے کے امن واستحکام اور دوطرفہ باہمی رابطوں کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر امریکی سفیر نیٹلی بیکر نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی لازوال قربانیوں کا اعتراف کرتے ہوئے انہیں سراہا۔ وفاقی وزیرداخلہ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 6

پنجاب میں ہمارے ورکرز کی زندگیاں اجیرن بنادی گئی ہیں، اسد قیصر

پنجاب میں فری اینڈ فیئر الیکشن ہوجائیں مریم 10 سیٹیں بھی جیت گئیں تو سیاست چھوڑ دیں گے

صوابی (ویب ڈیسک) سابق اسپیکر قومی اسمبلی اسد قیصر نے کہا ہے کہ پنجاب میں ہمارے ورکرز کی زندگیاں اجیرن بنادی گئی ہیں، کسی شہری کو یہ حق حاصل نہیں کہ پبلک میں بات کرے یا جلسہ جلوس کرے۔ صوابی میں ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کو چیلنج دیا کہ آج پنجاب میں فری اینڈ فیئر الیکشن ہوجائیں آپ 10 سیٹیں بھی جیت گئیں تو وہ سیاست چھوڑ دیں گے۔

پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ جھوٹ پر مبنی ہے، عطاء اللہ تارڑ

پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا' وزیراطلاعات

پشاور (ویب ڈیسک) وفاقی وزیراطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کا سیاسی بیانیہ سوشل میڈیا پر جھوٹ اور شعبدہ بازی پر مبنی ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن) ترقی پر یقین رکھتی ہے، پی ٹی آئی حکومت نے خیبر پختونخوا کو تباہی اور بربادی کے سوا کچھ نہیں دیا، // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 8

سیپا میں بھرتیوں کا سوشل میڈیا پر گردش کرنے والا اشتہار جعلی قرار

مختلف آسامیوں کا ذکر، شہری کسی کو فیس یا رقم جمع نہ کرائیں، ترجمان محکمہ ماحولیات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (سیپا) میں مختلف آسامیوں پر بھرتیوں سے متعلق سوشل میڈیا پر زیر گردش اشتہار کو محکمہ ماحولیات نے جعلی قرار دے دیا۔ ترجمان محکمہ ماحولیات کے مطابق جعلی اشتہار میں ماحولیاتی انسپکٹر، فیلڈ اسسٹنٹ، // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 10

کراچی: وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے ایشین ڈویلپمنٹ بینک کی کنٹری ڈائریکٹر ملاقات کررہی ہیں

روشم خان قتل کیس میں جلد پیشرفت کا امکان، دھرنا ختم کرنیکا اشارہ

15ویں روز بھی احتجاج جاری، والد رشید داد خان کا قاتلوں کی گرفتاری تک جدوجہد جاری رکھنے کا اعلان

کراچی (اسٹاف رپورٹر) منگھوپیر گرین ٹاؤن میں ڈکیتی کے دوران فائرنگ سے جاں بحق نوجوان روشم خان کے قتل کے خلاف منگھوپیر تھانے کے باہر ورثا اور علاقہ مکینوں کا احتجاجی دھرنا 15ویں روز بھی جاری رہا، تاہم مقتول کے والد نے معاملات طے ہونے اور دھرنا ختم کرنے کا اشارہ دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق 7 اور 8 ستمبر کی درمیانی شب گھر میں ڈکیتی کے دوران // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 11

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے ایشیائی ترقیاتی بینک کے وفد کی ملاقات

سندھ کی ترقیاتی ترجیحات، ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے جاری منصوبوں پر تبادلہ خیال، مستقبل میں سرمایہ کاری کے مواقع اور تعلیم، ٹرانسپورٹ، صحت، ڈیجیٹل تبدیلی پر بھی غور

وزیراعلیٰ سندھ کی کراچی سرکلر ریلوے کی حمایت، آئندہ ملاقات میں ٹی او آرز طے کرنے پر اتفاق، سندھ حکومت کے ساتھ مضبوط شراکت داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں، کنٹری ڈائریکٹر اے ڈی بی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) کے ساتھ صوبے کی دیرینہ ترقیاتی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنی حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے یہ بات ایشیائی ترقیاتی بینک کے پاکستان ریزیڈنٹ مشن کی کنٹری ڈائریکٹر مس ایما فین سے ملاقات کے دوران کہی۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 9

وفاق سے ملنے والے اربوں روپے صوبائی حکومت ہڑپ کررہی ہے، مصطفیٰ کمال

گزشتہ 18 سال سے کراچی کے وسائل پر ڈاکہ ڈالا جارہا ہے، اس شہر اور صوبے کے نوجوانوں کو ان کا جائز حق دلانے کا وقت آگیا ہے، رہنما ایم کیو ایم

ہمارے ٹیکسز، سیلز ٹیکس اور بندرگاہوں کا پیسہ براہ راست شہر کی ترقی پر خرچ ہونے کے بجائے وزیراعلیٰ ہاؤس میں پارک ہوجاتا ہے، عوامی اجتماع سے خطاب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر مرکزی رہنما اور وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ کراچی کے وسائل پر ڈاکہ ڈالا جارہا ہے، اس شہر اور صوبے کے نوجوانوں کو ان کا جائز حق دلانے کا وقت آگیا ہے۔ ہم اس ملک کے وارث ہیں اور خاموشی سے خیرات کا انتظار کرنے کے بجائے اپنے انتظامی یونٹس اور صوبوں کی صورت میں اپنا حق لے کر رہیں گے۔ ان خیالات // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 14

پاکستان اور عراق تعلقات مضبوط بنانے کی ضرورت ہے، گورنر سندھ

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے عراق کے قائم مقام قونصل جنرل ابوالحکم عدنان صادق کی گورنر ہاؤس میں ملاقات

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عراق کے قائم مقام قونصل جنرل ابوالحکم عدنان صادق نے گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی اور ان کے سسر کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا۔ انہوں نے مرحوم کے لیے مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ ملاقا // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 12

گورنر سندھ نہال ہاشمی کے سسر کے انتقال پر عراق کے قائم مقام قونصل جنرل فاتحہ خوانی کررہے ہیں

کراچی میں شدید گرمی کا سلسلہ برقرار، اکتوبر گرم رہنے کی پیشگوئی

گزشتہ روز شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 39.1 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا تھا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شہر قائد میں ستمبر کے پہلے ہفتے کے بعد سے گرمی کی شدت میں اضافے کے بعد محکمہ موسمیات نے اکتوبر کا مہینہ بھی معمول سے زیادہ گرم رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ کراچی میں 21 ستمبر کو زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 40.7 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا تھا جو ستمبر 2017 کے بعد شہر کا گرم ترین دن تھا۔ گزشتہ روز شہر کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت // 39.1 باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 13

پشتون ثقافت قومی شناخت کا خوبصورت حصہ ہے، بلاول بھٹو

ہر قوم، زبان اور ثقافت کو مساوی احترام اور شناخت کے اظہار کا حق حاصل ہے، چیئرمین پیپلزپارٹی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون عوام سمیت پوری پاکستانی قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، بہادری، وفاداری اور بھائی چارے کی خوبصورت پہچان ہے۔ اپنے پیغام میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط ایسی تہذیبی میراث ہے، جس نے امن، محبت اور انسان دوستی کے رنگوں سے پاکستان کی قومی شناخت کو مالا // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 16

کراچی: ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما سید مصطفیٰ کمال ایف بی ایریا میں اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

سندھ 500 الیکٹرک بسیں خریدنے کی تیاری، 50 ڈبل ڈیکر نومبر تک پہنچیں گی

بسوں کی خریداری کی سمری کابینہ کو ارسال' سندھ حکومت پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دے رہی ہے، شرجیل میمن

ڈبل ڈیکر بسوں کی آمد سے مسافروں کو اضافی سفری گنجائش میسر آئے گی' مقصد شہریوں کو سستی اور بہتر سفری سہولت فراہم کرنا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دینے کے لیے 500 الیکٹرک بسوں کی خریداری کی تیاری کرلی ہے۔ اس سلسلے میں محکمہ ٹرانسپورٹ نے بسوں کی خریداری کی سمری کابینہ کو ارسال کردی ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کابینہ کی منظوری کے بعد صوبے کے مختلف شہروں میں مرحلہ وار نئی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 15

وزیرخارجہ اسحاق ڈار کی یونانی ہم منصب سے ملاقات

پاکستان کے تعمیری کردار کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی سرگرمیوں کو سراہا

نیویارک (ویب ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس کے موقع پر یونان کے وزیرخارجہ جارج گیراپیٹریٹس سے ملاقات کی جس میں پاکستان اور یونان کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ بدھ کو دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق یونان کے وزیرخارجہ جارج گیراپیٹریٹس نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ میں پاکستان کے تعمیری کردار کے ساتھ ساتھ عالمی سطح پر پاکستان کی بڑھتی ہوئی سفارتی سرگرمیوں کو سراہا۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور یونان کے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 17

کراچی، اورنگی میں پولیس مقابلہ، ڈاکو ہلاک، 2 راہگیر زخمی

5 نمبر چوک کے قریب فائرنگ کا تبادلہ، ہلاک ملزم کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون اور موٹر سائیکل برآمد

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اورنگی ٹاؤن کے علاقے 5 نمبر چوک کے قریب پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلے میں ایک ملزم ہلاک ہوگیا، جبکہ ملزمان کی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 23

غیر تربیت یافتہ افسران کی ایس ایچ او اور ایس ڈی پی او تعیناتی پر پابندی

خصوصی تربیتی کورس مکمل نہ کرنے والے افسران 30 ستمبر سے اہم فیلڈ عہدوں پر تعینات نہیں ہوسکیں گے، آئی جی سندھ کا حکم

خصوصی تربیت سے متعلق اقدام میں توسیع 9 ستمبر 2025 کے سابقہ حکم نامے کے تسلسل میں اور ڈی آئی جی ٹریننگ سندھ کراچی کی سفارش پر کی گئی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ پولیس نے اسٹیشن ہاؤس افسر (ایس ایچ او) اور سب ڈویژنل پولیس افسر (ایس ڈی پی او) کے عہدوں پر تعیناتی کیلئے مقررہ خصوصی تربیتی ورکشاپ لازمی قرار دینے کے اقدام میں مزید 6 ماہ کی توسیع کردی۔ آئی جی سندھ جاوید اے اوڈھو کی جانب سے جاری حکم نامے کے مطابق خصوصی تربیت سے متعلق اقدام میں توسیع 9 ستمبر 2025 کے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 18

سرمایہ کاری کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور کرنا ہیں، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ

معاشی استحکام کیلئے قیصر احمد شیخ کو معاشی امور میں اہم عہدہ دیا جائے، صدر کاٹی محمد اکرام راجپوت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ کورنگی انڈسٹریل ایریا پاکستان کی مجموعی ایکسپورٹ میں 9 فیصد حصہ رکھتا ہے۔ جس سے اس صنعتی زون کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔ پاکستان کے تاجروں اور سرمایہ کاروں میں اتنی اہلیت اور صلاحیت ہے کہ چین نے تجارت پاکستان کی بزنس کمیونٹی سے سیکھی ہے لیکن اب چین دنیا کی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 19

کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ کو شیلڈ پیش کررہے ہیں۔ زاہد حمید، خالد تواب، زبیر طفیل، کنور قطب الدین، فرخ مظہر عامر یوسف اور دیگر بھی موجود ہیں۔

کے الیکٹرک کے بڑے بریک ڈاؤن سے پانی کی فراہمی معطل

مختلف علاقوں کو پانی کی سپلائی متاثر، بجلی بحال ہوتے ہی فراہمی بحال کردی جائے گی، واٹر کارپوریشن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کے الیکٹرک کے بڑے بجلی بریک ڈاؤن کے باعث پپری میں واقع واٹر کارپوریشن کے پمپنگ اسٹیشن سے کراچی کے مختلف علاقوں کو پانی کی فراہمی عارضی طور پر معطل ہوگئی۔ واٹر کارپوریشن کے ترجمان کے مطابق پپری پمپنگ اسٹیشن کو بجلی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 24

احسن آباد میں 5 افراد کی ہلاکت، فارنزک نمونے جمع نہ ہوسکے

پوسٹ مارٹم مکمل، ایم ایل رپورٹ نہ ملنے پر کیمیکل و فارنزک نمونے تجزیے کیلئے جمع نہ کرائے جاسکے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) احسن آباد میں ایک ہی گھر سے میاں، بیوی اور ان کے 3 بچوں سمیت 5 افراد کی لاشیں ملنے کے واقعے میں پوسٹ مارٹم کے دوران حاصل // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 20

آباد کا کاروبار کمپنیوں میں تبدیل کرنے اور ریٹ رجسٹریشن پر غور

ایس ای سی پی کے آگاہی سیشن کے بعد بلڈرز کا کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت تجاویز دینے پر اتفاق

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈویلپرز (آباد) کے اراکین نے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے آگاہی سیشن کے بعد // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 22

پی آئی اے کے فضائی بیڑے میں مزید 5 طیارے شامل کرنیکا فیصلہ

2 بوئنگ 777 چھ ماہ کیلئے ویٹ لیز پر لینے کی منظوری، مزید 3 طیارے ڈرائی لیز پر حاصل کیے جائیں گے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز (پی آئی اے) کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے فضائی بیڑے میں اضافے اور آپریشنز کو بہتر بنانے کے لیے مزید 5 طیارے حاصل کرنے کی منظوری دے دی۔ ذرائع کے مطابق پی آئی اے بورڈ کے اجلاس میں 2 بوئنگ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 21

مصطفیٰ عامر قتل کیس، انسداد دہشتگردی عدالت کی نشست خالی ہونے کا انکشاف

سندھ ہائیکورٹ میں سماعت، ملزم ارمغان کا عدالتی نوٹس وصول کرنے سے انکار، سماعت 13 اکتوبر تک ملتوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ ہائیکورٹ میں مصطفیٰ عامر قتل کیس کا ٹرائل جلد مکمل کرنے کی درخواست پر سماعت کے دوران متعلقہ انسداد دہشتگردی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 25

کراچی: سندھ اسمبلی میں قائم خصوصی کمیٹی کا اجلاس چیئرمین فیاض بٹ کی زیرصدارت ہورہا ہے

لاڑکانہ میں کار پر اندھادھند فائرنگ، ڈرائیور سمیت 4 افراد جاں بحق

جاں بحق افراد کی شناخت اللہ ورایو ولد اختیار کھوکھر، اس کے بھائی منصور علی کھوکھر، علی شیر ولد غلام قادر کھوکھر اور کار ڈرائیور غلام محبت منگنیجو کے نام سے ہوئی

ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائی تیز' مقتولین کا اپنی برادری سے پرانے زمینی تنازع کا انکشاف، وزیراعلیٰ، وزیرداخلہ اور آئی جی سندھ کا نوٹس

لاڑکانہ / کراچی (ویب ڈیسک) لاڑکانہ شہر کے معروف کاروباری مرکز لاہوری محلہ میں سول لائن تھانے کی حدود میں موٹر سائیکل سوار مسلح افراد نے کار پر اندھادھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں ڈرائیور سمیت 4 افراد جاں بحق ہوگئے۔ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہوگئے، پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی اور ملزمان کی گرفتاری کیلئے کارروائی شروع کردی۔ پولیس کے مطابق // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 28

بہرے افراد کے انسانی حقوق کا تحفظ مشترکہ ذمہ داری ہے، وزیراعلیٰ سندھ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عالمی یوم اشارتی زبان پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بہرے افراد کے انسانی حقوق کا تحفظ اور انہیں مساوی مواقع کی فراہمی ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ 23 ستمبر کو دنیا بھر میں عالمی یوم اشارتی زبان منایا جاتا ہے، اس سال دن کی تھیم "بہرے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 26

بجلی کی کمپنیاں مافیا کے طور پر کام کررہی ہیں، علی خورشیدی

سی ای او نہیں آئے، نمائندوں کے جوابات سے مطمئن نہیں، کارروائی ہوگی، فیاض بٹ

کے الیکٹرک سی ای او کی عدم شرکت، خصوصی کمیٹی برہم، نمائندے اجلاس سے باہر

حیسکو، سیپکو اور کے الیکٹرک حکام طلب، بیپر اپر بھی ارکان کی شدید برہمی، استحقاق کمیٹی کے ذریعے کارروائی کا عندیہ

بجلی کی فراہمی یقینی نہ بنانے پر قانون کے مطابق کارروائی ہوگی، فیاض بٹ، کے الیکٹرک کے نمائندوں سے مطمئن نہیں، اجلاس سے نکال دیا

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ اسمبلی میں لوڈشیڈنگ سے متعلق قرارداد پر اسپیکر کی رولنگ پر عملدرآمد کے سلسلے میں قائم خصوصی کمیٹی کا اہم اجلاس چیئرمین کمیٹی و پیپلز پارٹی کے رکن فیاض بٹ کی زیرصدارت سندھ اسمبلی میں ہوا، جس میں کے الیکٹرک کے سی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 27

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر42 تھرڈ فلور، وینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

پاکستان کا ابھرتا ہوا علاقائی کردار

غلام مرتضیٰ

عالمی سیاست میں بعض معاہدے صرف کاغذ پر دستخط نہیں ہوتے، وہ طاقت کے بدلتے ہوئے نقشے پر نئی لکیریں کھینچتے ہیں۔ مکہ میں پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان طے پانے والا مشترکہ دفاعی معاہدہ بھی ایسی ہی پیش رفت دکھائی دیتا ہے۔ بظاہر یہ تین ممالک کے درمیان ایک دفاعی سمجھوتہ ہے، لیکن اس کے مضمرات اس سے کہیں وسیع ہیں۔ یہ معاہدہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب مشرق وسطیٰ، جنوبی ایشیا اور وسیع تر مسلم دنیا میں سلامتی کے روایتی تصورات تیزی سے تبدیل ہو رہے ہیں اور عالمی طاقتوں پر انحصار کے ساتھ ساتھ علاقائی طاقتیں بھی اپنے تحفظ اور مفادات کے لیے نئے راستے تلاش کر رہی ہیں۔ معاہدے کی بنیادی روح یہ ہے کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر مسلح حملہ تینوں کے خلاف جارحیت تصور کیا جائے گا۔ تاہم اس شق کو کسی خودکار جنگی ضمانت کے طور پر دیکھنا درست نہیں ہوگا۔ اس کا بنیادی مقصد جارحیت کی حوصلہ شکنی، اجتماعی بازداریت کو مضبوط بنانا اور کسی بھی ممکنہ حملہ آور کو یہ پیغام دینا ہے کہ ایک ملک کے خلاف کارروائی کے اثرات ایک وسیع تر تزویراتی ردعمل کی صورت اختیار کر سکتے ہیں۔ ترکیہ کی جانب سے اس فریم ورک کو نیٹو کے آرٹیکل 5 سے تکنیکی طور پر مشابہ قرار دیا گیا ہے، لیکن ساتھ ہی یہ وضاحت بھی سامنے آئی ہے کہ یہ معاہدہ کسی مخصوص ملک، بشمول ایران، کے خلاف نہیں ہے۔ یہی نکتہ اس معاہدے کی اصل نوعیت کو سمجھنے کے لیے بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ پاکستان کے لیے اس شراکت داری کی اہمیت محض دفاعی تعاون تک محدود نہیں۔ یہ اسلام آباد کو ایک ایسے ابھرتے ہوئے علاقائی سیکیورٹی فریم ورک کے مرکز میں لا رہی ہے جس کے تینوں ستون اپنی اپنی منفرد طاقت رکھتے ہیں۔ سعودی عرب کے پاس مالی وسائل، توانائی کی طاقت اور مسلم دنیا میں غیر معمولی سیاسی اثر و رسوخ ہے۔ ترکیہ دفاعی ٹیکنالوجی، صنعتی صلاحیت اور جدید فوجی استعداد کے اعتبار سے تیزی سے ابھرتی ہوئی طاقت ہے۔ پاکستان کے پاس طویل فوجی تجربہ، ایک مؤثر دفاعی نظام، خطے کی پیچیدہ سیکیورٹی صورتحال سے نمٹنے کا تجربہ اور قابل ذکر تزویراتی بازداریت موجود ہے۔ اگر ان تینوں صلاحیتوں کو ایک مربوط حکمت عملی میں ڈھال دیا جائے تو یہ شراکت داری محض دفاعی اتحاد نہیں رہے گی بلکہ وسیع تر تزویراتی طاقت بن سکتی ہے۔ سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ اپنے تعلقات کو مضبوط بناتے ہوئے اسلام آباد کو تہران کے ساتھ اپنے تاریخی، جغرافیائی اور تزویراتی تعلقات کو بھی متوازن رکھنا ہوگا، پاکستان کی ایران کے ساتھ طویل سرحد موجود ہے اور دونوں ممالک کے درمیان امن و استحکام نہ صرف دوطرفہ ضرورت بلکہ پورے خطے کے مفاد میں ہے۔ اس لیے مکہ معاہدے کی کامیابی کا ایک اہم پیمانہ یہ بھی ہوگا کہ آیا یہ علاقائی استحکام کا پلیٹ فارم بنتا ہے یا مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا میں پہلے سے موجود تقسیم کو مزید گہرا کرنے والا ایک نیا بلاک۔ اگر مستقبل میں ایران، مصر، قطر یا دیگر اہم مسلم ممالک بھی کسی نہ کسی شکل میں اس وسیع تر سیکیورٹی فریم ورک سے وابستہ ہوتے ہیں تو صورتحال مزید دلچسپ ہو سکتی ہے۔ اس صورت میں موجودہ تین ملکی معاہدہ ایک وسیع علاقائی سیکیورٹی architecture کی شکل اختیار کر سکتا ہے، جس میں مختلف ممالک اپنی اپنی دفاعی، معاشی اور سفارتی صلاحیتوں کے ساتھ کردار ادا کریں۔ لیکن یہاں ایک بنیادی اصول کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا: علاقائی طاقت کا اصل امتحان یہ نہیں کہ اس کے پاس کتنی عسکری قوت ہے، بلکہ یہ ہے کہ وہ اس قوت کو امن میں کس حد تک تبدیل کر سکتی ہے۔ افغانستان بھی اس بدلتے ہوئے منظرنامے سے متاثر ہوگا۔ ایک زیادہ مضبوط اور علاقائی طور پر مؤثر پاکستان کابل کے ساتھ تجارت، رابطہ کاری اور سیکیورٹی کے معاملات میں زیادہ وزن رکھ سکتا ہے۔ افغانستان کے لیے بہتر راستہ یہ ہوگا کہ وہ علاقائی کشمکش کا میدان بننے کے بجائے علاقائی تجارت اور رابطہ کاری کا پل بنے۔ پاکستان کے مغربی راستے، خصوصاً گوادر، خلیج کو افغانستان، وسطی ایشیا اور اس سے آگے جنوبی و وسطی ایشیائی منڈیوں سے جوڑنے کی غیر معمولی صلاحیت رکھتے ہیں۔ یہی وہ مقام ہے جہاں دفاع اور معیشت ایک دوسرے سے جڑتے ہیں۔ اگر پاکستان اپنی نئی تزویراتی اہمیت کو معاشی مواقع میں تبدیل کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے تو مکہ معاہدہ ملک کے لیے بہت بڑے معاشی دروازے کا پیش خیمہ بن سکتا ہے۔ سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان بڑھتی ہوئی سیکیورٹی شراکت داری مشرق وسطیٰ کے طاقت کے توازن میں ایک نیا عنصر شامل کرتی ہے۔ اگر مستقبل میں مزید بڑی مسلم ریاستیں اس فریم ورک سے وابستہ ہوتی ہیں تو خطے کی تزویراتی حرکیات مزید تبدیل ہو سکتی ہیں۔ تاہم اس شراکت داری کی سمت کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ اسے محاذ آرائی کے بجائے علاقائی استحکام کے لیے کس حد تک استعمال کیا جاتا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں بھی یہ تعاون پاکستان کے لیے اہم ثابت ہو سکتا ہے۔ انٹیلی جنس شیئرنگ، جدید دفاعی ٹیکنالوجی، تربیت، نگرانی اور مشترکہ صلاحیتوں میں اضافہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کے خلاف علاقائی تعاون کو زیادہ مؤثر بنا سکتا ہے۔ لیکن اس تعاون کی کامیابی اسی وقت ممکن ہے جب اس کا مرکز مشترکہ سلامتی ہو، کسی مخصوص ملک یا گروہ کے خلاف محاذ آرائی نہیں۔ اس تمام منظرنامے کا ایک داخلی پہلو بھی ہے جسے نظرانداز نہیں کیا جا سکتا۔ پاکستان کا بڑھتا ہوا علاقائی سیکیورٹی کردار تزویراتی فیصلہ سازی میں دفاعی اداروں کے کردار کو مزید مضبوط کر سکتا ہے۔ دفاعی تعاون، ٹیکنالوجی کی منتقلی، تزویراتی سرمایہ کاری اور حساس قومی اثاثوں سے متعلق پالیسیوں میں پیش رفت کے ساتھ ریاستی سیکیورٹی اداروں کا اثر و رسوخ بڑھنے کے امکانات موجود ہیں۔ لیکن پاکستان کی پائیدار طاقت کا انحصار صرف مضبوط دفاع پر نہیں۔ مضبوط معیشت، مستحکم سول ادارے، مؤثر سفارت کاری، قانون کی حکمرانی اور قومی اتفاق رائے بھی اتنے ہی ضروری ہیں۔ یہاں اسلام آباد کے سامنے اصل چیلنج واضح ہے: سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ شراکت داری کو نئی بلندیوں تک پہنچانا، ایران کے ساتھ متوازن تعلقات برقرار رکھنا، بھارت کے ساتھ کشیدگی کو قابو میں رکھنا، افغانستان میں استحکام کی کوشش کرنا اور ساتھ ہی اپنی معاشی بنیاد کو مضبوط بنانا ہے۔ یہ آسان توازن نہیں لیکن تاریخ میں بڑے مواقع ہمیشہ بڑے چیلنجز کے ساتھ آتے ہیں۔ مکہ معاہدہ پاکستان کے لیے صرف دفاعی دستاویز نہیں ہونا چاہیے۔ اسے ایک ایسے وسیع تر وژن کا نقطہ آغاز بننا چاہیے جس میں دفاعی تعاون کے ساتھ تجارت، سرمایہ کاری، ٹیکنالوجی، توانائی، تعلیم، صنعتی پیداوار اور علاقائی رابطہ کاری بھی شامل ہو۔ سعودی عرب اگر سرمایہ فراہم کرتا ہے، ترکیہ ٹیکنالوجی اور صنعتی تجربہ فراہم کرتا ہے اور پاکستان اپنی دفاعی صلاحیت، افرادی قوت، جغرافیائی محل وقوع اور مارکیٹ پیش کرتا ہے تو تینوں ممالک ایک ایسا تعاون تشکیل دے سکتے ہیں جو صرف فوجی طاقت نہیں بلکہ معاشی طاقت بھی پیدا کرے۔ بالآخر پاکستان کے لیے سوال یہ نہیں کہ مکہ معاہدہ اسے کتنا طاقتور بناتا ہے۔ اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان اپنی بڑھتی ہوئی تزویراتی اہمیت سے کتنا فائدہ اٹھاتا ہے۔ اگر اسلام آباد اس موقع کو دوراندیش سفارت کاری، مضبوط معیشت، علاقائی رابطہ کاری اور متوازن خارجہ پالیسی کے ساتھ جوڑنے میں کامیاب ہو گیا تو مکہ معاہدہ صرف ایک نئے دفاعی بندوبست کی علامت نہیں رہے گا، بلکہ پاکستان کے ایک زیادہ مؤثر، بااعتماد اور معاشی طور پر مضبوط علاقائی کردار کی بنیاد بن سکتا ہے۔

پٹرول کی قیمت میں ریلیف اور عوام کی حقیقی مشکلات

وزیراعظم شہباز شریف نے موٹرسائیکل، رکشے، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑیوں کے لیے پٹرول پر 100 روپے فی لٹر ریلیف کا اعلان کردیا۔ اس سلسلے میں وزیراعظم نے کہا کہ تیل کی قیمتوں میں اضافے سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا پورا احساس ہے، مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ موٹرسائیکل، رکشے، چنگچی اور چھوٹی گاڑیوں کے لیے خصوصی سکیم شروع کررہے ہیں۔ وزیراعظم نے اعلان کیا کہ دو پہیوں اور تین پہیوں والی سواریوں پر ماہانہ 20 لٹر پٹرول پر جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑی مالکان کو ماہانہ 30 لٹر پٹرول پر 100 روپے فی لٹر ریلیف دیا جائے گا۔ اسلام آباد کی حدود میں ریلیف کا اطلاق آج رات سے ہوگا جبکہ پورے پاکستان بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان میں ریلیف کا اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سے ہوگا۔ وزیراعظم کا مزید کہنا تھا کہ خصوصی ریلیف سکیم کی رجسٹریشن کا اجرا آج سے کردیا گیا ہے۔ ریلیف کے طریقہ کار کو آگاہی مہم کے ذریعے عوام تک پہنچایا جائے گا۔

وزیراعظم نے اس ریلیف کا اعلان کر کے یقیناً ایک ایسا قدم اٹھایا ہے جسے بظاہر عوام دوست کہا جا سکتا ہے مگر اس کے ساتھ کئی سوالات جنم لیتے ہیں جن کا جواب دینا حکومت پر واجب ہے۔ سب سے پہلا اور بنیادی سوال یہ ہے کہ جس ریلیف کے حصول کے لیے نادرا، ٹیلی کام آپریٹرز اور صوبائی محکمہ ٹرانسپورٹ کی مشترکہ تصدیق درکار ہو کیا وہ واقعی اس عام آدمی تک پہنچ پائے گا جو دیہات میں رکشہ چلا کر یا موٹرسائیکل پر سبزی بیچ کر روزی کماتا ہے؟ اس ملک میں لاکھوں افراد کے پاس سمارٹ فون نہیں ہے، ڈیجیٹل خواندگی نہ ہونے کے برابر ہے اور دیہی علاقوں میں انٹرنیٹ اکثر معطل رہتا ہے۔ ایسے میں شناختی کارڈ کی تصدیق، گاڑی کی ملکیت کے کاغذات اور موبائل نمبر کی تصدیق جیسے مراحل پر مبنی رجسٹریشن کا پیچیدہ نظام عام آدمی کے لیے کسی امتحان سے کم نہیں۔ نتیجہ یہ نکلے گا کہ یا تو لوگ اس پیچیدہ عمل سے گھبرا کر رجسٹریشن سے ہی کنارہ کش ہو جائیں گے یا پھر بیچ میں کمیشن خور ایجنٹ اور دلال پیدا ہو جائیں گے جو رجسٹریشن کروانے کے عوض عوام سے پیسے بٹوریں گے۔ یوں جس ریلیف کا مقصد عوام کی مشکلات کم کرنا تھا وہی ریلیف ان کے لیے ایک نئی مصیبت بن جائے گا۔

تبدیل ہوتی دنیا میں صحافت کا کردار، چیلنجز اور ذمہ داریاں

اسماعیل

صحافت کو معاشرے کا آئینہ اور عوام کی آواز کہا جاتا ہے۔ ایک ذمہ دار صحافت نہ صرف لوگوں کو حالات حاضرہ سے باخبر رکھتی ہے بلکہ معاشرے میں شعور، آگہی اور مثبت سوچ پیدا کرنے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ وقت کے ساتھ دنیا بدلتی رہی اور اس کے ساتھ صحافت کے انداز، ذرائع اور تقاضے بھی تبدیل ہوتے گئے۔ آج ہم ایسے دور میں داخل ہو چکے ہیں جہاں خبر صرف اخبار کے اگلے روز کے شمارے تک محدود نہیں رہی بلکہ چند لمحوں میں دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک پہنچ جاتی ہے۔ ماضی میں صحافت کا بنیادی ذریعہ اخبارات اور رسائل تھے۔ صحافی خبر حاصل کرتا، اس کی تحقیق کرتا، تصدیق کے مراحل سے گزرتا اور پھر اسے اخبار کے ذریعے قارئین تک پہنچایا جاتا۔ بعد ازاں ریڈیو اور ٹیلی وژن نے صحافت کے دائرہ کار کو مزید وسیع کیا۔ اکیسویں صدی میں انٹرنیٹ، اسمارٹ فون اور سوشل میڈیا نے صحافت کو ایک نئے عہد میں داخل کر دیا ہے۔ آج ڈیجیٹل میڈیا، نیوز ویب سائٹس، ای پیپرز، ویڈیو رپورٹس اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز صحافت کے اہم ذرائع بن چکے ہیں۔ دور جدید میں صحافت کی سب سے بڑی تبدیلی رفتار ہے۔ ماضی میں خبر کی اشاعت کے لیے گھنٹوں یا بعض اوقات پورے دن کا انتظار کرنا پڑتا تھا، مگر آج ایک صحافی موبائل فون کے ذریعے موقع سے فوری رپورٹ، تصویر اور ویڈیو دنیا بھر میں پہنچا سکتا ہے۔ اس تبدیلی نے صحافت کو زیادہ تیز، متحرک اور عوام تک قابل رسائی بنا دیا ہے۔ ڈیجیٹل میڈیا نے مقامی صحافت کو بھی نئی طاقت دی ہے۔ کسی چھوٹے شہر، قصبے یا گاؤں کا مسئلہ بھی چند منٹوں میں بڑے پیمانے پر لوگوں کی توجہ حاصل کر سکتا ہے۔ یوں مقامی صحافی عوامی مسائل کو اجاگر کرنے اور متعلقہ اداروں تک آواز پہنچانے میں پہلے سے زیادہ مؤثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ سوشل میڈیا نے ہر شخص کو معلومات شیئر کرنے کا موقع دیا ہے۔ لیکن یہی سہولت صحافت کے لیے ایک بڑا چیلنج بھی بن چکی ہے۔ غیر مصدقہ خبریں، افواہیں، جعلی تصاویر، گمراہ کن ویڈیوز اور من گھڑت معلومات انتہائی تیزی سے پھیل سکتی ہیں۔ جدید صحافت میں فیک نیوز اور غلط معلومات کی روک تھام ایک بنیادی ذمہ داری بن چکی ہے۔ ایسے ماحول میں صحافی کے لیے ضروری ہے کہ وہ خبر نشر کرنے سے پہلے اس کی مکمل تصدیق کرے۔ صرف سوشل میڈیا پر موجود کسی پوسٹ یا ویڈیو کو خبر سمجھ لینا صحافتی اصولوں کے منافی ہے۔ خبر کی اصل طاقت اس کی رفتار نہیں بلکہ اس کی سچائی اور اعتبار ہے۔

مصنوعی ذہانت بھی صحافت کے میدان میں تیزی سے داخل ہو رہی ہے۔ خبر کی تحقیق، اعداد و شمار کے تجزیے، ترجمے، مواد کی ترتیب اور بعض تکنیکی کاموں میں جدید ٹیکنالوجی صحافیوں کی معاون بن رہی ہے۔ پاکستان میں بھی میڈیا ادارے صحافت کو جدید ڈیجیٹل تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی کی تربیت پر توجہ دے رہے ہیں۔ تاہم ٹیکنالوجی صحافی کا متبادل نہیں بلکہ ایک معاون ذریعہ ہے۔ خبر کی اہمیت، انسانی احساس، اخلاقی فیصلہ، تحقیق اور عوامی مفاد کو سمجھنے کے لیے انسانی بصیرت آج بھی بنیادی حیثیت رکھتی ہے۔ دور جدید میں صحافت کو سب سے بڑا چیلنج اعتبار کا درپیش ہے۔ جب خبر اور افواہ کے درمیان فرق کرنا مشکل ہو جائے تو ایک ذمہ دار صحافی کی اہمیت کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ صحافی کو چاہیے کہ وہ سنسنی، ذاتی مفاد، سیاسی وابستگی اور غیر ضروری جذباتیت سے بالاتر ہو کر حقائق عوام کے سامنے رکھے۔ صحافت کا مقصد کسی فرد، ادارے یا جماعت کی اندھی حمایت یا مخالفت نہیں بلکہ عوام کو درست معلومات فراہم کرنا ہے۔ اختلاف رائے جمہوری معاشرے کا حسن ہے، مگر اختلاف کو نفرت، الزام تراشی اور کردار کشی میں تبدیل کرنا صحافت نہیں۔ ادھر ڈیجیٹل میڈیا تیزی سے مقبول ہو رہا ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ پرنٹ میڈیا کی اہمیت مکمل طور پر ختم ہو گئی ہے۔ اخبار آج بھی تحقیق، تجزیے، اداریے، کالم اور تفصیلی رپورٹس کے لیے ایک اہم ذریعہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ روایتی میڈیا کے کئی بڑے ادارے خود ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر منتقل ہو چکے ہیں اور یوں پرنٹ اور ڈیجیٹل صحافت ایک دوسرے کے ساتھ چل رہے ہیں۔

آج کے صحافی کے لیے صرف اچھا لکھنا کافی نہیں۔ اسے تحقیق، موبائل جرنلزم، فوٹوگرافی، ویڈیو، سوشل میڈیا، ڈیٹا اور ڈیجیٹل ٹولز سے بھی واقف ہونا چاہیے۔ جدید صحافت اب ایک ملٹی میڈیا پیشہ بن چکی ہے۔ ایک کامیاب صحافت وہ ہے جو صرف بڑے شہروں اور طاقتور شخصیات کی خبریں نہ دکھائے بلکہ عام آدمی کے مسائل کو بھی آواز دے۔ مہنگائی، تعلیم، صحت، صاف پانی، صفائی، روزگار، ٹریفک، سرکاری اداروں کی کارکردگی اور شہری بنیادی سہولیات جیسے مسائل کو اجاگر کرنا بھی صحافت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ خصوصاً علاقائی صحافت معاشرے کی نچلی سطح تک پہنچنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ مقامی صحافی اپنے علاقے کے مسائل، محروم طبقات اور عوامی مشکلات کو براہ راست دیکھتا ہے۔ اس لیے اس کی ذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے کہ وہ خبر کو ذاتی مفاد سے بالاتر ہو کر عوامی مفاد میں پیش کرے۔ دور جدید نے صحافت کے ذرائع ضرور تبدیل کیے ہیں۔

ڈھگوں کی یاد

طارق سہیل

سوشل میڈیا پر، دنیا بھر میں کچھ لوگ ایسے ہیں جو ہر وقت جانوروں کے وڈیو کلپ اپ لوڈ کرتے رہتے ہیں۔ ہر طرح کے کلپ، خوش کرنے والے بھی، دکھی کرنے والے بھی۔ ایک کلپ گھوڑے کا تھا۔ مالک اور گھوڑا کسی ہال میں تھے۔ زلزلہ آ گیا، چیزیں گرنے لگیں، چھت بھی جھولنے لگی۔ گھوڑے نے مالک کو زمین پر گرایا اور خود اس کے اوپر ڈھال بن گیا کہ جو بھی گرے، پہلے مجھ پر گرے۔ زلزلہ ختم ہوا تو گھوڑا ایک طرف ہو گیا۔ اور بھی کلپ دیکھا، ایک گائے نے دوڑ کر بچی کو ٹریفک حادثے سے بچالیا۔

جانور، خاص طور سے گھوڑا اور کتا، اپنے مالک سے کتنا پیار کرتے ہیں، اس کے کتنے وفادار ہوتے ہیں، یہاں تک کہ اپنی جان بھی ان پر قربان کر ڈالتے ہیں۔ کل ہی ایک کتے کی خبر آئی۔ ایک ڈاکو نے اس کے مالک کو گردن میں خنجر بس گھونپ ہی دیا تھا کہ کتا کود کر بیچ میں آ گیا۔ ڈاکو کا پورا خنجر اس کے گلے میں اتر گیا۔ کئی دنوں کے علاج کے بعد کتا ٹھیک ہوا۔

جانوروں کو، خاص طور سے گھوڑے، گائے بیل کو انسان سے وفاداری اور عمر بھر کی غلامی کا صلہ کیا ملتا ہے؟ گھوڑا جب بوڑھا ہو جائے، دوڑنے اور بوجھ اٹھانے کی سکت سے محروم ہو جائے تو اسے کانجی ہاؤس میں ڈال دیا جاتا ہے جہاں اسے ذبح کر دیا جاتا ہے یا گولی مار دی جاتی ہے۔ یورپی امریکی ملکوں کے گھوڑے سزائے موت کے بعد ٹکڑے ٹکڑے کر کے ڈبہ بند گوشت کی شکل میں چین جاپان بھیج دیے جاتے ہیں جہاں گھڑ خور حضرات اس کے منتظر رہتے ہیں۔

بہت پرانی بات ہے، اتنی پرانی کہ جسے صدیاں گزر گئیں اور کبھی لگتا ہے کہ نہیں، ابھی کل ہی کی تو بات ہے۔ میں ابھی سکول داخل نہیں ہوا تھا۔ ہم ایک چھوٹے سے شہر مورد کے رہنے والے تھے۔ شہر سے تین میل دور ہماری پھوپھی کا گوٹھ تھا۔ ان کی زمینیں تھیں اور وہ لوگ زمیندارہ کرتے تھے۔ کچھ زمین ہماری بھی اسی گوٹھ میں تھی جو پھوپھی کے سپرد تھی۔ اس کا سارا انتظام وہی کرتیں اور ہمارا حصہ اجناس وغیرہ کی صورت میں ہمارے گھر پہنچا دیتیں۔

پہلی مرتبہ ان کے گوٹھ جانا ہوا، یہ تب کی بات ہے۔ شام کو ہم وہاں پہنچے۔ اگلے روز کھیتوں میں پہلی بار بیلوں کو ہل پر جتے ہوئے دیکھا۔ اس وقت بیل ہی زیادہ تر یہ کام کرتے تھے۔ ٹریکٹر کسی کسی کے پاس تھا، بعدازاں ٹریکٹر عام ہو گئے۔

بیلوں کی آنکھوں پر کھوپے چڑھے ہوئے تھے۔ پوچھنے پر پتہ چلا کہ بیل ادھر ادھر نہ دیکھیں، اپنے کام سے کام رکھیں یہ اس لئے چڑھاتے ہیں۔ میرا دم گھٹنے لگا۔

بعد کی زندگی میں یہ زندہ مناظر کئی بار دیکھے۔ ان کے تحریری منظر بہت مرتبہ کتابوں میں پڑھے، تصویری مناظر فلموں میں دیکھے۔ خلاصہ معلومات کا یہ تھا کہ بیل کو صبح سے شام تک، ہفتے کے ساتوں دن، سال کے 52 ہفتے اپنے کام سے کام رکھنا پڑتا ہے۔ اسے کوئی چھٹی نہیں ملتی۔ اس کا مالک بیمار ہو تو چھٹی کرتا ہے لیکن اس کی جگہ اس کا بیٹا یا ملازم آ جاتا ہے، بیل کو چھٹی نہیں ملتی۔ بیمار ہو جائے تو چھری پھیر دی جاتی ہے۔

ساری عمر بیل یہی کام کرتا ہے۔ اور جب وہ یہ کام کرنے کے قابل نہیں رہتا تو اسے کانجی ہاؤس ڈال دیتے ہیں، ذبح ہونے کیلئے۔ بیمار بیل کا گوشت کوئی نہ کھائے، تب بھی اس کی کھال منافع دیتی ہے۔ عمر بھر کی، بنا رخصت محنت اور خدمت کا حتمی عوضانہ اسے سزائے موت کی صورت دیا جاتا ہے۔ پنجابی میں بیل کو ڈھگا کہا جاتا ہے۔ پہلے دن جب بیل کو دیکھا، تب سے اب تک عشرے بیت گئے اور آج میں ان کروڑوں نہیں اربوں ڈھگوں کو یاد کر رہا ہوں جو انسان کی خدمت کی بھینٹ چڑھ گئے، دنیا میں آئے تو آنکھوں پر کھوپا لگا پایا۔ دنیا میں آ کر بھی کچھ نہ دیکھا۔ عمر بھر ڈھگے کی موت مر گئے۔ زندگی دینے والے نے انہیں زندگی دی بھی تو کیا دی۔

گائے اور بھینس عمر بھر دودھ دیتی ہیں، دودھ دینے کے قابل نہ رہیں تو انہیں بھی سزائے موت دے دی جاتی ہے۔ انسانیت کا تقاضا ہے۔ ظاہر ہے، بھوک اور بیماری سے مرنے کیلئے جنگل میں چھوڑنے سے تو رہے اتنی توفیق یا سوچ انسان میں کہاں کہ بوڑھے جانوروں کے لئے اولڈ ایج شیلٹر ہاؤس بنا ڈالے۔

ریس کے ہر گھوڑے کا انجام سزائے موت ہے۔ لنگڑا ہو جائے تو اسی وقت، ریس کورس کے اندر ہی گولی مار دی جاتی ہے۔ ناکارہ ہو جائے یعنی تیز دوڑنے کے قابل نہ رہے اور یہ کیفیت بوڑھا ہونے سے بہت پہلے ہی اس پر آ جاتی ہے تو بڑے بڑے کانجی ہاؤس ہر ملک کے ہر بڑے شہر میں موجود ہیں۔ وہاں گھوڑوں کو ایک دوسرے کے سامنے گولی ماری جاتی ہے۔ جن کی باری ابھی آئی ہے، ان کی آنکھوں سے آنسو رواں رہتے ہیں۔

آنسو بوچڑ خانے میں موجود ہر گائے بھینس کی آنکھوں میں بہتے ہیں۔ اکثر کو بوچڑ خانے لے جاتے وقت ہی، کسی نامعلوم یا چھٹی حس سے پتہ چل جاتا ہے کہ ان کے ساتھ کیا ہونے والا ہے۔ اور باقیوں کو بوچڑ خانے میں، ساتھ کے ہال میں اپنی ہم جنس مخلوق کے ڈکرانے سے پتہ چل جاتا ہے۔ چھری پھرتے وقت جو آواز حلق سے نکلتی ہے، اسے ڈکرانا کہتے ہیں۔

الہامی کتب کہتی ہیں کہ انسان کو ظلم کی فطرت پر پیدا کیا گیا۔ ہر انسان پیدائشی ظالم اور پیدائشی جاہل ہے۔ جاہل سے مراد ان پڑھ نہیں، اس کے بڑے وسیع معنے ہیں۔

عام خیال کے برعکس نیکی فطرت کا حصہ نہیں ہوتی۔ نیکی فطرت کو دبانے کا نام ہے، اسی لئے اسے نفس کشی کہتے ہیں۔ نفس کشی یعنی خود پر جبر کرنے، خود کو اپنی فطرت سے روکنے کا کام ہی نیکی کہلاتا ہے اور اسی لئے اس کا اجر ہے۔ نیکی فطرت میں ہوتو اجر کاہے کا۔

چنانچہ آدم و حوا جب شمالی یمن میں قائم جنت سے نکالے گئے اور وہ عربستان میں داخل ہوئے تو ظلم کا سلسلہ تبھی سے شروع ہو گیا۔

شروعات قابیل نے کی۔ تبلیغ سے لوگ نیک بنتے ہیں لیکن زیادہ لوگ زیادہ عرصہ نیکی پر قرار نہیں رکھ پاتے۔ فطرت سے جنگ بالعموم بشریت کے بس سے باہر ہوا کرتی ہے۔ پھر بھی نیک لوگ اقلیت کی شکل میں، دنیا میں ہر جگہ موجود ہیں، زیادہ تر کمزور اور بے بس۔ انہوں نے اپنی فطرت کیسے دبا لی؟ شاید ان کا فطرت والا ڈی این اے کمزور ہوگا۔

شہر قائد

مرتضیٰ وہاب نے مصطفیٰ کمال کے بیانات کو غیر سنجیدہ قرار دے دیا

صوبوں کا فیصلہ جلسوں میں نہیں، اسمبلی میں ہوگا، کراچی کی ترقی کا سفر جاری رکھیں گے، میئر کراچی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میئر کراچی اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما مرتضیٰ وہاب نے متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے رہنما اور وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کے بیانات کو غیر سنجیدہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ مصطفیٰ کمال کی باتیں ایک کان سے سنتے اور دوسرے کان سے نکال دیتے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے شہر کے ہر علاقے میں ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا ہے اور کراچی کی ترقی کا سفر جاری رکھنے کا وعدہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو مزید آگے بڑھایا جائے گا۔ صوبوں سے متعلق مطالبات کے حوالے سے میئر کراچی نے کہا کہ صوبوں کے بارے میں فیصلے جلسوں میں نہیں بلکہ اسمبلی میں ہوں گے۔ اورنگی یا بہادرآباد کے جلسے میں صوبوں سے متعلق کوئی فیصلہ نہیں ہوگا، اس معاملے کا فیصلہ آئینی طریقہ کار کے تحت اسمبلی کرے گی۔ مصطفیٰ کمال کی جانب سے میئر کراچی کو بااختیار بنانے کے مطالبے پر مرتضیٰ وہاب نے سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ اگر وہ میئر کو بااختیار بنانا چاہتے ہیں تو پھر گریڈ 22 کے افسران کے ذریعے کراچی میں کام کیوں کرواتے ہیں؟ انہوں نے کہا کہ اگر مصطفیٰ کمال کو آج میئر بنا دیا جائے تو وہ اختیارات دینے کا مطالبہ کریں گے، جبکہ جب وہ میئر نہیں ہوتے تو یہ کہتے ہیں کہ تمام اختیارات اسلام آباد کو دے دیے جائیں۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ کراچی کے مسائل کا حل سیاسی نعروں کے بجائے عملی اقدامات اور مؤثر بلدیاتی نظام کے ذریعے ممکن ہے، شہر کی بہتری کے لیے ترقیاتی کام جاری رکھے جائیں گے۔ دریں اثنا بلاول بھٹو زرداری کی شادی سے متعلق گردش کرنے والی خبروں پر سوال کے جواب میں مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ ان کی بلاول بھٹو زرداری سے بات ہوئی ہے، ان کی نہ شادی ہوئی ہے اور نہ منگنی ہوئی ہے، جبکہ شادی کے حوالے سے بھی فی الحال کوئی بات طے نہیں ہوئی۔

گوگل کے دفتر کا افتتاح خوش آئند ہے، منہاج گلفام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صدر کراچی موبائل اینڈ الیکٹرانکس ڈیلرز ایسوسی ایشن (KMEDA) و تاجر رہنما محمد منہاج گلفام نے پاکستان میں معروف عالمی ٹیکنالوجی کمپنی گوگل کے پہلے دفتر کے افتتاح کو ملک کے لیے ایک انتہائی خوش آئند اور اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں گوگل کے دفتر کا قیام اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ عالمی ٹیکنالوجی کمپنیاں پاکستان کی ڈیجیٹل معیشت، نوجوانوں اور مستقبل کی صلاحیتوں پر اعتماد کر رہی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی جانب سے گوگل کے نائب صدر ولسن وائٹ سے ملاقات اور دفتر کا باضابطہ افتتاح بھی ڈیجیٹل پاکستان کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ محمد منہاج گلفام نے طلبہ کے لیے مفت Gemini سبسکرپشن کے اعلان کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ مصنوعی ذہانت اور جدید ٹیکنالوجی تک نوجوانوں کی رسائی پاکستان کے تعلیمی، کاروباری اور معاشی مستقبل کو مزید مضبوط کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ تاجر برادری اور ٹیکنالوجی کا فروغ ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ پاکستان میں عالمی ٹیکنالوجی کمپنیوں کی سرمایہ کاری سے روزگار، ڈیجیٹل کاروبار، ای کامرس اور نوجوانوں کے لیے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ صدر KMEDA محمد منہاج گلفام نے امید ظاہر کی کہ گوگل کے بعد دیگر عالمی ٹیکنالوجی کمپنیاں بھی پاکستان میں اپنے دفاتر اور سرمایہ کاری کا دائرہ وسیع کریں گی۔

اساتذہ، والدین، اور طلباء نے حکومت دہلی اسکول کی بندش کیخلاف کراچی میں احتجاج کیا

نیو کراچی گودھرا میں بلدیاتی اسکول کی نئی عمارت کا افتتاح

جدید سہولیات سے آراستہ کلاس رومز، اعلیٰ معیار کا فرنیچر اور دیگر بنیادی سہولیات مہیا کی گئی ہیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نیو کراچی ٹاؤن کے سیکٹر G-11 میں نو تعمیر شدہ گورنمنٹ گرامر شیخ سعدی اسکول میں داخلوں کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا۔ وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر نے بچوں سے داخلہ فارم وصول کر کے داخلہ مہم کا افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں یوسی 10 کے چیئرمین فیصل قادری، یوسی وائس چیئرمین اویس قادری، ڈائریکٹر ایجوکیشن نیو کراچی ٹاؤن سید مزمل، ڈپٹی ڈائریکٹر ایجوکیشن محمد زاہد، تعلیمی اسٹینڈنگ کمیٹی کے ممبران، ڈائریکٹر انگرومنٹ عبدالرحمٰن، اساتذہ اور والدین کی بڑی تعداد موجود تھی۔ واضح رہے کہ گورنمنٹ گرامر شیخ سعدی اسکول کو جدید تعلیمی تقاضوں کے مطابق تعمیر کیا گیا ہے، جہاں طلبہ کو بہتر اور معیاری تعلیمی ماحول فراہم کرنے کے لیے جدید سہولیات سے آراستہ کلاس رومز، اعلیٰ معیار کا فرنیچر اور دیگر بنیادی سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔ اسکول میں تربیت یافتہ اور تجربہ کار اساتذہ کی خدمات بھی حاصل کی گئی ہیں تاکہ بچوں کو معیاری تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی ذہنی اور تخلیقی صلاحیتوں کو بھی نکھارا جا سکے۔ اسکول میں ون، ٹو، تھری اور کے جی کلاسز میں داخلوں کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس موقع پر والدین اور اہل علاقہ کی جانب سے اسکول کے قیام اور داخلوں کے آغاز کو خوش آئند قرار دیا گیا۔ اس موقع پر وائس چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن شعیب بن ظہیر نے والدین اور اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ گرامر شیخ سعدی اسکول کا قیام نیو کراچی ٹاؤن میں سرکاری سطح پر معیاری تعلیم کے فروغ کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ ہمارا مقصد صرف بچوں کو اسکول کی سہولت فراہم کرنا نہیں بلکہ انہیں ایسا تعلیمی ماحول دینا ہے جہاں وہ اپنی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں اجاگر کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن کے بچوں میں بے پناہ تعلیمی صلاحیتیں موجود ہیں، ضرورت صرف انہیں بہتر مواقع اور مناسب رہنمائی فراہم کرنے کی ہے۔ شیخ سعدی اسکول میں جدید تعلیمی سہولیات اور تجربہ کار اساتذہ کی موجودگی سے علاقے کے بچوں کی تعلیمی کارکردگی، ذہنی استعداد اور تخلیقی صلاحیتوں میں نمایاں بہتری آئے گی۔

کراچی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، سردار عبدالرحیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ فنکشنل سندھ کے سیکریٹری جنرل سردار عبدالرحیم نے کہا ہے کہ کراچی ملک کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، لیکن اس کے باوجود شہر کے عوام بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ زرداری لیگ کی حکومت کراچی کے دیرینہ مسائل حل کرنے میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتی۔ شہر میں امن و امان، بھتہ خوری، ٹریفک، پانی، بجلی، صفائی، ٹوٹی پھوٹی سڑکوں، سیوریج، کچرے، پبلک ٹرانسپورٹ، بے روزگاری اور مہنگائی کے مسائل نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ فنکشنل ضلع کورنگی کے زیر اہتمام منعقدہ ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سردار عبدالرحیم نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ فنکشنل کی سیاست کا مقصد عوام کی خدمت اور سندھ کے حقوق کا تحفظ ہے۔ ہماری جماعت میں بھتہ خوری، کرپشن، عوام دشمن سرگرمیوں اور کسی بھی غیر قانونی سرگرمی میں ملوث افراد کے لیے کوئی گنجائش نہیں۔

ضلع انتظامیہ کی جانب سے نارتھ ناظم آباد، کراچی میں تجاوزات کے خلاف آپریشن کیا گیا

سندھ بھر سے

میرپورخاص: غیر رسمی تعلیم کے 20 سہولت کاروں کی تین روزہ تربیتی ورکشاپ اختتام پذیر

تدریسی نصاب، مؤثر تدریسی حکمتِ عملیوں اور ان کی ذمہ داریوں کے حوالے سے جامع تربیت فراہم کی گئی

غیر رسمی تعلیم کے ذریعے اسکول سے باہر بچوں کو تعلیمی دھارے میں شامل کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، ڈاکٹر چمن منشا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سماجی بھلائی کی تنظیم ہوپ اینڈ ٹرانسفارمیشن اگینسٹ پاورٹی کے زیر اہتمام اور محکمہ خواندگی و غیر رسمی تعلیم سندھ کے تعاون سے آرٹس فاؤنڈیشن دفتر میرپورخاص میں منعقدہ غیر رسمی تعلیم کے سہولت کاروں کی تین روزہ خصوصی تربیتی ورکشاپ اختتام پذیر ہوگئی۔ ورکشاپ میں ضلع میرپورخاص کے غیر رسمی تعلیمی مراکز سے وابستہ 20 سہولت کاروں کو تدریسی نصاب، مؤثر تدریسی حکمت عملیوں اور ان کی ذمہ داریوں کے حوالے سے جامع تربیت فراہم کی گئی۔ تین روزہ تربیتی پروگرام کے دوران سہولت کاروں کو پہلے مرحلے کے نصاب کے اعادے کے ساتھ دوسرے مرحلے کے انگریزی، سندھی اور ریاضی کے بنیادی تصورات، قواعد زبان، روزمرہ زندگی میں ریاضی کی اہمیت، تدریسی پیکیش اور سبق کی منصوبہ بندی کے جدید طریقوں سے آگاہ کیا گیا۔ جبکہ عملی مشقوں کے ذریعے ان کی تدریسی صلاحیتوں کو بھی بہتر بنایا گیا۔ انگریزی زبان کی تدریسی نشست میں سہولت کاروں کو قواعدِ زبان، الفاظ، درست تلفظ، جملہ سازی، بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی مہارتوں کے حوالے سے تربیت دی گئی۔ تاکہ وہ بچوں کو آسان، دلچسپ اور مؤثر انداز میں تعلیم دے سکیں۔ اس موقع پر تعلیمی کھیلوں، اجتماعی سرگرمیوں اور باہمی مشقوں کے ذریعے بچوں کی تعلیمی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے مختلف طریقوں پر بھی عملی تربیت فراہم کی گئی۔ ورکشاپ کے آخری روز اختتامی تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں سماجی تنظیم ہوپ اینڈ ٹرانسفارمیشن اگینسٹ پاورٹی کی صدر میڈم شہناز حزب اللہ اور ضلع میرپورخاص کی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر برائے غیر رسمی تعلیم ڈاکٹر چمن منشا نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر چمن منشا نے سندھ، بالخصوص ضلع میرپورخاص میں اسکول نہ جانے والے بچوں کی صورتحال پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ ایک اچھا سہولت کار بچوں کی ضروریات، صلاحیتوں اور تعلیمی استعداد کو سمجھتے ہوئے دوستانہ اور معاون ماحول میں تعلیم فراہم کرتا ہے۔

حیسکو کی بجلی چوروں اور نادہندگان کیخلاف کارروائیاں

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف بلا تفریق کارروائیاں جاری ہیں، بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو (ڈسکو سپورٹنگ یونٹ) کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ریجن بھر کی مختلف سب ڈویژن ہالی روڈ، علامہ اقبال، ٹنڈو الہ یار 1-، شھباز، ٹنڈو محمد خان 2-، مٹکی، نواب شاہ 2-، آپریشن کھپرو، ڈگری، جھڈو اور عمرکوٹ کے سب ڈویژن میں کارروائیاں کی گئیں۔

ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے اراکین نے لاڑکانہ کے جناح باغ میں سندھ میں نئے صوبوں کے خلاف احتجاج کیا

یوسی چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت کا مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) یوسی چیئرمین حاجی محمد علی راجپوت کا مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ، نکاسی آب کا عملہ الرٹ، بارش کا جمع پانی بروقت نکال دیا گیا، شہریوں کو ریلیف تفصیلات کے مطابق برسات کے دوران یوسی چیئرمین حاجی محمد علی نے یونین کونسل 8 کے مختلف علاقوں کا ہنگامی دورہ کر کے نکاسی آب اور صفائی ستھرائی کے انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے بروقت تیار رہنے اور نکاسی آب کے کاموں میں کسی قسم کی غفلت نہ برتنے کی ہدایت کی۔ حاجی محمد علی کی ہدایات پر نکاسی آب کے عملے کی چھٹیاں منسوخ کر کے انہیں الرٹ رہنے کا حکم دیا گیا۔

ڈپٹی کمشنر لاڑکانہ، طارق منظور چانڈیو، لاڑکانہ میں آئندہ پولیو مہم کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کشمیر اسمبلی انتخابات: میرپورخاص میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کامیاب

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں ضلع میرپورخاص کے گورنمنٹ کمپری ہینسو ہائر سیکنڈری اسکول میں قائم مرد و خواتین کے مشترکہ پولنگ اسٹیشن پر کشمیر سے تعلق رکھنے والے رجسٹرڈ مرد و خواتین ووٹروں نے اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ پولنگ کا عمل ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر و ریٹرننگ آفیسر خالد خان لونڈ کی نگرانی میں پرامن ماحول میں مکمل ہوا۔ اس موقع پر پولیس کی جانب سے سخت سیکیورٹی انتظامات کیے گئے تھے۔ دونشستوں پر ہونے والے مقابلوں میں پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدواروں کے درمیان کانٹے دار مقابلہ دیکھنے میں آیا۔ حلقہ ایل اے 34- کشمیر ویلی میں پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار عامر عبدالغفار نے 55 ووٹ حاصل کر کے کامیابی حاصل کی، جبکہ ان کے مدمقابل پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار وارث نعیم خان صرف 3 ووٹ حاصل کر سکے۔ اسی طرح ایل اے 40- جموں کی نشست پر پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار ناصر حسین ڈار نے 21 ووٹ حاصل کر کے کامیابی اپنے نام کی، جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار چوہدری عبدالقدیر چوہان نے 19 ووٹ حاصل کیے۔ حلقہ ایل اے 34- کشمیر ویلی میں مجموعی طور پر 60 ووٹ کاسٹ ہوئے، جن میں 26 خواتین اور 34 مرد ووٹر شامل تھے۔ جبکہ ایل اے 40- جموں میں 40 ووٹ ڈالے گئے، جن میں 18 خواتین اور 22 مرد ووٹرز نے حق رائے دہی استعمال کیا۔

سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا؟ سابق کونسلر عاشق علی ٹیلگر راجپوت نے مبینہ غفلت اور کرپشن پر سنگین سوالات کھڑے کردیے۔ میرپورخاص جناح پارک (نظیر حسین پارک) جسے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب کرنے کے بعد جناح پارک کہا جاتا ہے، اس وقت انتہائی خستہ حالی کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ پارک کی موجودہ صورتحال پر سابق کونسلر عاشق علی ٹیلگر راجپوت نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ جو پارک کبھی سرسبز، شاداب اور شہریوں کی تفریح کا بہترین مرکز تھا، وہ آج مبینہ غفلت اور کرپشن کی نذر ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بروقت توجہ نہیں دی گئی تو یہ تاریخی عوامی مقام مکمل طور پر اپنی شناخت کھو بیٹھے گا۔

کاشف سعید شیخ کی اپیل پر احتجاجی مظاہرے کیے گئے

میرپورخاص (بیورو چیف) امیر جماعت اسلامی صوبہ سندھ کاشف سعید شیخ کی اپیل پر میرپورخاص میں ظالمانہ بجلی ٹیکسز، لوڈ شیڈنگ اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی رد و بدل کے مطابق قیمتیں کم نہ کرنے کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرے۔ احتجاجی مظاہروں سے جماعت اسلامی کے مقامی ذمہ داران اور یوسی عہدیداران کا خطاب۔ امیر جماعت اسلامی میرپورخاص شکیل احمد فہیم نے اہلیان میرپورخاص سے اپیل کی۔

جیکب آباد: ریڑھی بانوں کو دوبارہ کاروبار کی اجازت مل گئی

جیکب آباد (پاکستان بلیٹن) جیکب آباد میں چند روز قبل ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ٹاور روڈ پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے تمام ریڑھیوں کو ہٹا دیا گیا تھا، جس کے بعد ریڑھی مزدور یونین کے صدر شاہنواز مجھو، کونسلر طاہر پیرزادہ اور کونسلر محمد عثمان پٹھان پر مشتمل وفد نے حلقے کے منتخب رہنما ایم این اے میر اعجاز حسین جکھرانی اور میونسپل کمیٹی جیکب آباد کے چیئرمین میر غلام عباس خان جکھرانی سے اہم مذاکرات کیے۔ مذاکرات کے دوران وفد نے ریڑھی بانوں کو درپیش معاشی مشکلات اور بیروزگاری سے متعلق تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیئر رہنما اور رکن قومی اسمبلی میر اعجاز حسین جکھرانی نے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی نے ہمیشہ غریب عوام کے حقوق اور ان کے روزگار کی بات کی ہے اور پارٹی قیادت کبھی بھی غریبوں کو بیروزگار کرنے کے حق میں نہیں ہے۔

بقیہ 1

حال ہی میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے گئے ہیں۔

بقیہ 2

طالبان رجیم کی جانب سے 8 ڈرونز پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہوئے، جنہیں افواج پاکستان کے ایئر ڈیفنس سسٹم نے مار گرایا۔ ذرائع کے مطابق 4 ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں میں گرائے گئے۔ سکیورٹی ذرائع نے کہا کہ یہ دراندازی افغان طالبان رجیم کی دہشت گردوں کی براہ راست معاونت اور سرپرستی کا ثبوت ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ رات افواج پاکستان نے کرم سیکٹر میں افغان طالبان رجیم کے مورچوں اور ٹھکانوں کو بھی تباہ کیا تھا۔ قبل ازیں سکیورٹی ذرائع کے مطابق ناکامی کے بعد کرم سیکٹر میں افغان طالبان نے پاکستانی سرحدی چوکیوں پر بلااشتعال فائرنگ کی۔ پاکستان کی سکیورٹی فورسز نے بھرپور جوابی کارروائی کرتے ہوئے دشمن کی توپیں خاموش کروادیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان صوبے ننگرہار اور پکتیا میں افغان پوسٹوں سے فتنہ الخوارج نے دراندازی کی کوشش کی جنہیں بارڈر پر موجود بہادر جوانوں نے موثر اور منہ توڑ جواب دیا۔ افغان طالبان نے پاکستانی سرحدی چوکیوں کو بھاری ہتھیاروں، مارٹرز اور دیگر اسلحے سے بلااشتعال نشانہ بنایا، سکیورٹی فورسز نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے افغان طالبان کی متعدد سرحدی پوسٹوں، مارٹر پوزیشنز کو نشانہ بنایا۔ پاکستانی فورسز نے سرحدی علاقوں پر مکمل کنٹرول برقرار رکھتے ہوئے دشمن کی جارحیت کا بھرپور جواب دیا۔ شدید جوابی کارروائی کے نتیجے میں افغان طالبان متعدد پوسٹیں چھوڑ کر فرار ہوگئے۔ دریں اثناء بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے کنک وادی میں سکیورٹی فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے 9 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے کنک وادی میں سکیورٹی چوکی پر حملے کی کوشش کی تھی۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ فورسز نے کارروائی کرتے ہوئے ابتدائی طور پر 2 دہشت گردوں کو ہلاک کیا جبکہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب کر کے مزید 7 خوارج کو ہلاک کردیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلیں، اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ فائرنگ کے تبادلے میں سکیورٹی فورسز کا ایک جوان زخمی ہو گیا، جسے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے۔ دوسری جانب سکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کر دی گئیں، سکیورٹی ذرائع کے مطابق سکیورٹی فورسز نے تربت میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران 2 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ تربت کے علاقے جوسک میں سکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی موجودگی کی اطلاع پر آپریشن کیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق فرار ہونے والے دہشت گردوں کا تعاقب اور علاقے میں سرچ آپریشن جاری رہا۔ سکیورٹی ذرائع نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں غیر متزلزل عزم کے ساتھ جاری ہیں۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے مستونگ کے علاقے کنک وادی میں کامیاب آپریشن پر سکیورٹی فورسز کی ستائش کی ہے، انہوں نے 9 دہشت گردوں کو جہنم رسید کرنے پر سکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو سراہا۔

بقیہ 3

ویں سالانہ اجلاس کے موقع پر مختلف شخصیات سے ملاقاتوں اور مذاکروں میں گفتگو کر رہے تھے۔ وزیر خزانہ نے توانائی کے تحفظ، ایوی ایشن کے شعبے میں تعاون، صحت کے پروگرام پر عملدرآمد اور موسمیاتی مالیات کے حوالے سے بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ اعلیٰ سطحی ملاقاتیں اور اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر خزانہ نے عالمی اقتصادی فورم کے زیر اہتمام نئی معیشت میں ترقی کو توانائی فراہم کرنے کے موضوع پر اعلیٰ سطحی مکالمے میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ جاری جغرافیائی وسیاسی تنازعات اور ایندھن کی فراہمی میں رکاوٹوں کے باعث عالمی توجہ توانائی کی منتقلی سے ہٹ کر توانائی کے تحفظ کے فوری چیلنج کی جانب مرکوز ہوگئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں شمسی توانائی کے شعبے میں نمایاں توسیع ہوئی ہے جس میں بڑی حد تک نجی شعبے نے کردار ادا کیا، یہ درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے کے لیے قابل تجدید توانائی کی صلاحیت کو ظاہر کرتی ہے۔ وزیر خزانہ نے زور دیا کہ توانائی کی فراہمی کے حصول میں مشکلات کے وسیع تر معاشی اثرات مرتب ہوتے ہیں کیونکہ توانائی کا تحفظ غذائی تحفظ اور مجموعی معاشی مضبوطی سے گہرا تعلق رکھتا ہے۔ انہوں نے بوئنگ گلوبل کے صدر ڈاکٹر برینڈن نیلسن سے بھی ملاقات کی جس میں پی آئی اے کے فضائی بیڑے کی جدید کاری اور پاکستان کے ایوی ایشن کے شعبے میں وسیع تر تعاون پر گفتگو ہوئی۔ بلیئر محمد اور نگزیب نے بوئنگ کی جانب سے پی آئی اے کو نئے طیاروں کی خریداری کے لیے نظر ثانی شدہ تجویز پیش کرنے کی تصدیق کا خیر مقدم کیا، طیاروں کی جلد ترسیل کے ممکنہ مواقع اور عبوری طور پر طیارے لیز پر لینے کے انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کی جانب سے مالی معاونت، انجنوں کی خریداری، سپیئر پارٹس، دیکھ بھال اور گراؤنڈ کیے گئے طیاروں کی بحالی سے متعلق امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر خزانہ نے پی آئی اے کی نجکاری اور بڑے ہوائی اڈوں کے انتظام کو آؤٹ سورس کرنے کے منصوبوں سے آگاہ کیا۔ انہوں نے ایوی ایشن سیفٹی کی استعداد کار، ضابطہ جاتی امور میں تعاون اور امریکا کے لیے براہ راست پروازوں کی بحالی میں بوئنگ کی معاونت کو سراہا جبکہ پاکستان میں ایوی ایشن کے شعبے کی طویل مدتی ترقی کے وسیع امکانات کو اجاگر کیا۔

بقیہ 4

مذاکرات کیے جائیں گے جس میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارے، بنیادی شرح سود اور ایکسچینج ریٹ پر بات ہوگی جبکہ اسٹیٹ بینک حکام آئی ایم ایف وفد کو معاشی کارکردگی پر بریفنگ دیں گے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان نے زرمبادلہ کے ذخائر 17 ارب ڈالر سے زیادہ رکھنے کا ہدف حاصل کرلیا ہے۔ آئی ایم ایف وفد کو براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری میں اضافے سے بھی آگاہ کیا جائے گا۔ عالمی مالیاتی ادارے کے مشن کو یورو بانڈ کے کامیاب اجرا اور بیرونی ذرائع سے حاصل ہونے والی رقوم پر بھی بریفنگ دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف وفد اسٹیٹ بینک سے مذاکرات کے بعد 25 ستمبر کو اسلام آباد روانہ ہوگا، جہاں وزارت خزانہ، نجکاری، توانائی اور ایف بی آر کے ساتھ مذاکرات کیے جائیں گے۔ قرض پروگرام کی پانچویں قسط کے لیے بات چیت 2 ہفتے جاری رہے گی، جبکہ عالمی مالیاتی ادارے کے مشن کو جون تک کی معاشی سرگرمیوں پر بریفنگ دی جائے گی۔ آئی ایم ایف کے ساتھ اسٹرکچرل بینچ مارکس کے تحت اہداف پر بھی بات ہوگی، جبکہ پاکستان معاشی اصلاحات کے اہداف پر عالمی مالیاتی ادارے سے مذاکرات کرے گا، مذاکرات کے دوران توانائی کے شعبے میں اصلاحات کے ساتھ بجلی اور گیس کے شعبوں کے سرکلر ڈیٹ سے متعلق اہداف بھی زیر بحث آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق مذاکرات کامیاب ہونے پر پاکستان کو مجموعی طور پر 1.2 ارب ڈالر تک ملنے کا امکان ہے، جس میں ای ایف ایف کی قسط کے تحت تقریباً ایک ارب ڈالر ملنے کی توقع ہے۔ علاوہ ازیں موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کے لیے پاکستان کو مزید 20 کروڑ ڈالر ملنے کا بھی امکان ہے۔

بقیہ 5

آباد کے 147 پٹرول پمپس پر ریلیف سکیم کی سہولت فراہم کی جا چکی ہے، جس سے محض ایک ہفتے کے دوران 1 لاکھ 50 ہزار موٹر سائیکل سوار اور چھوٹی گاڑیوں کے مالکان مستفید ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کمزور طبقات کی آسانی کے لیے متعلقہ پٹرول پمپس پر فیسلی ٹیشن سینٹرز قائم کیے گئے ہیں تاکہ کسی کو دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر اسلام آباد، اسسٹنٹ کمشنرز اور دیگر انتظامی افسران بھی ان کے ہمراہ تھے۔

بقیہ 6

محسن نقوی نے کہا کہ پاکستان دنیا اور دہشت گردی کے درمیان ایک مضبوط دیوار کی مانند کھڑا ہے اور خطے میں امن کے قیام کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھے گا۔

بقیہ 7

حکومت کرنے کا موقع دیں گے، انشاءاللہ ایک دن ایسا آئے گا جب خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کا نام ونشان تک باقی نہیں رہے گا۔ گزشتہ روز یونیورسٹی ٹاؤن پشاور میں رکن صوبائی اسمبلی جلال خان کے دفتر کا افتتاح کے موقع پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وہ بڑی تعداد میں استقبال کرنے پر عوام کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے ان کے درمیان موجودگی پر خوشی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا غیور، بہادر اور غیرت مند لوگوں کی سرزمین ہے، پاکستان کیلئے ان کی قربانیاں بے شمار ہیں۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف نے متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے خیبر پختونخوا کو عزت دی جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف صوبے کو خوشحالی کی راہ پر آگے لے جانے کے لیے ان تھک محنت کر رہے ہیں۔ حکومت کے تعلیمی اقدامات کا حوالہ دیتے ہوئے وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں۔

بقیہ 8

خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں، جب بھی صوبے کے عوام پاکستان مسلم لیگ (ن) کو حکومت کرنے کا موقع دیں گے، انشاءاللہ ایک دن ایسا آئے گا جب خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی کا نام ونشان تک باقی نہیں رہے گا۔ گزشتہ روز یونیورسٹی ٹاؤن پشاور میں رکن صوبائی اسمبلی جلال خان کے دفتر کا افتتاح کے موقع پر کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ وہ بڑی تعداد میں استقبال کرنے پر عوام کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے ان کے درمیان موجودگی پر خوشی کا اظہار کیا۔ وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا غیور، بہادر اور غیرت مند لوگوں کی سرزمین ہے، پاکستان کیلئے ان کی قربانیاں بے شمار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد محمد نواز شریف نے متعدد ترقیاتی منصوبے مکمل کر کے خیبر پختونخوا کو عزت دی جبکہ وزیراعظم محمد شہباز شریف صوبے کو خوشحالی کی راہ پر آگے لے جانے کے لیے ان تھک محنت کر رہے ہیں۔ حکومت کے تعلیمی اقدامات کا حوالہ دیتے ہوئے وفاقی وزیر عطا اللہ تارڑ نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں دانش اسکول قائم کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ پر صوبائی اسمبلی کے بہترین ارکان کو منتخب کیا ہے۔ انہوں نے صوبے کی خدمت میں ان کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف والے جلال خان کے جلال سے ڈرتے ہیں۔

بقیہ 9

وزیر تعلیم سید سردار علی شاہ، چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نجم احمد شاہ، سیکریٹری اسکول ایجوکیشن زاہد عباسی، وزیراعلیٰ کے سیکریٹری آصف جمیل، ایس ایس ای آئی پی کے پی ڈی رضوان سومرو اور دیگر نے شرکت کی۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے پرنسپل کنٹری اسپیشلسٹ شوکت صافی اور پرنسپل پروجیکٹ آفیسر خرم امتیاز سمیت دیگر نمائندے شریک ہوئے۔ ملاقات میں سندھ کی ترقیاتی ترجیحات، ایشیائی ترقیاتی بینک کے تعاون سے جاری منصوبوں، مستقبل میں سرمایہ کاری کے مواقع اور تعلیم، ٹرانسپورٹ، صحت، ڈیجیٹل تبدیلی اور دیہی ترقی کے شعبوں میں اہم اقدامات پر عملدرآمد کی تیاریوں پر توجہ مرکوز کی گئی۔ ایشیائی ترقیاتی بینک کی جانب سے سندھ کی تعلیمی پیش رفت کو سراہا گیا۔ وزیراعلیٰ نے مس ایما فین اور ان کے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے سندھ کے ترقیاتی ایجنڈے کے لیے ایشیائی ترقیاتی بینک کی مسلسل معاونت کو سراہا اور مختلف شعبوں میں سندھ حکومت اور ترقیاتی شراکت دار کے درمیان کامیاب تعاون کو اجاگر کیا۔ وزیراعلیٰ نے 2026 میں کراچی میں ایشیا پیسفک شیلٹر اینڈ سیٹلمنٹس فورم (اے پی ایس ایس ایف) کی کامیاب میزبانی کا بھی ذکر کیا۔ مس ایما فین نے فورم کے کامیاب انعقاد پر سندھ حکومت کو مبارکباد دی اور پائیدار اور موسمیاتی خطرات سے محفوظ ترقی کے فروغ کے لیے صوبے کے عزم کو سراہا۔ وزیراعلیٰ اور ایشیائی ترقیاتی بینک کی کنٹری ڈائریکٹر نے سندھ سیکنڈری ایجوکیشن امپروومنٹ پروجیکٹ (ایس ایس ای آئی پی) پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا، جو صوبے کے اہم تعلیمی اقدامات میں شامل ہے۔

بقیہ 10

اکاؤنٹس اور لیبارٹری اسسٹنٹ سمیت مختلف آسامیوں پر بھرتیوں کا ذکر کیا گیا ہے، تاہم سیپا نے ایسا کوئی اشتہار جاری نہیں کیا۔ ترجمان نے شہریوں کو خبردار کیا کہ جعلی بھرتی اشتہار کے ذریعے کسی بھی قسم کی فیس یا رقم جمع نہ کرائیں۔ بھرتیوں سے متعلق کسی بھی اعلان یا معلومات کیلئے صرف حکومت سندھ اور سیپا کے سرکاری ذرائع سے رجوع کیا جائے۔ ترجمان کے مطابق جعلی اشتہار کے ذریعے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے، اس لیے شہری محتاط رہیں اور کسی بھی مشکوک بھرتی کے اشتہار پر اعتماد نہ کریں۔

بقیہ 11

مزاحمت پر ڈاکوؤں کی فائرنگ سے نوجوان روشم خان جاں بحق ہوگیا تھا۔ واقعے کے خلاف ورثا اور علاقہ مکین 8 ستمبر سے منگھوپیر تھانے کے سامنے احتجاج کر رہے ہیں، تاہم 15 روز گزرنے کے باوجود پولیس ملزمان کا سراغ نہیں لگا سکی۔ مقتول کے والد روئیداد خان نے کہا کہ وہ 15 دن سے صبر کیے بیٹھے ہیں اور امید ہے کہ معاملہ جلد حل ہو جائے گا، میرا کام یہاں دھرنے میں بیٹھنا ہے، فیصلے کا اختیار بڑوں کو دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی جدوجہد صرف اپنے بیٹے کے لیے نہیں بلکہ تمام والدین کے لیے ہے، نوجوان بیٹے کی موت کا لمحہ قیامت سے کم نہیں تھا، وہ چاہتے ہیں کہ کوئی دوسرا باپ اس اذیت سے نہ گزرے۔ روئیداد خان نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں جو اذیت ناک لمحہ روشم کی والدہ نے دیکھا، کوئی اور ماں نہ دیکھے۔ دھرنے میں لوگ مقتول کی خاطر اور ظلم کے خلاف شریک ہو رہے ہیں، ان کے لخت جگر کے ساتھ بہت بڑا ظلم ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ روشم کی ماں، بہنوں اور ان کے ساتھ ظلم ہوا، بیٹے کی تدفین کے بعد بطور باپ ان کا اصل امتحان شروع ہوگا۔ آئی جی سندھ سے ان کا ایک ہی مطالبہ ہے کہ روشم کے قاتلوں کو گرفتار کر کے سامنے لایا جائے۔ دوسری جانب منگھوپیر تھانے کے باہر جاری دھرنے میں شرکا کی آمد کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ شرکا نے روشم خان کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 12

ت کے دوران پاکستان اور عراق کے درمیان باہمی تعلقات، تعلیمی وثقافتی تعاون، وفود اور طلبہ کے تبادلوں سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی نے کہا کہ پاکستان اور عراق کے درمیان تاریخی اور برادرانہ روابط قائم ہیں۔ دونوں ممالک کی مذہبی اور ثقافتی اقدار میں گہری مماثلت پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور عراق کے درمیان تعلیمی اور ثقافتی تبادلوں کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے۔ وفود اور طلبہ کے تبادلوں سے دونوں ممالک کے نوجوانوں کو ایک دوسرے کی تاریخ، ثقافت اور روایات سے آگاہی حاصل ہوگی اور باہمی افہام وتفہیم کو مزید فروغ ملے گا۔ قائم مقام قونصل جنرل عراق ابوالحکم عدنان صادق نے کہا کہ عراق پاکستان کے ساتھ اپنے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ طلبہ کے تبادلے کے پروگرام سے دونوں ممالک کے نوجوانوں کے درمیان باہمی افہام وتفہیم کو فروغ ملے گا۔ گورنر سندھ نے تعزیت اور ہمدردی کے اظہار پر قائم مقام قونصل جنرل عراق کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 13

ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا جبکہ موسم گرم ومرطوب اور مطلع صاف رہنے کے ساتھ پارہ 38 تک جانے کا امکان ہے۔ کراچی میں 15 تا 35 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سمندری ہوائیں متوقع ہیں جبکہ آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران نمی کا تناسب 55 سے 85 فیصد رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق ملک میں مون سون کا اختتام قبل از وقت ہونے کے سبب کراچی میں اکتوبر جیسی گرمی کا سامنا ہے جبکہ ایل نینو کے باعث اکتوبر کا موسم بھی معمول سے زیادہ گرم رہ سکتا ہے۔ واضح رہے کہ پاکستان میں عام طور پر مون سون 30 ستمبر تک جاری رہتا ہے۔

بقیہ 14

کا اظہار انہوں نے فیڈرل بی ایریا میں ہزاروں کی تعداد میں موجود پرجوش نوجوانوں (Alpha Gen اور Z Gen) کے عظیم الشان مجمع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سید مصطفیٰ کمال نے مزید کہا کہ ایک وقت تھا جب کراچی پورے خطے کا معاشی لیڈر اور ترقی کا استعارہ تھا، جہاں دنیا بھر کی پروازیں اترتی تھیں۔ آج 18 سالوں میں صوبہ سندھ کے ناعاقبت اندیش حکمرانوں کو این ایف سی ایوارڈ کی مد میں 22 ہزار ارب روپے ملنے کے باوجود کراچی کو دنیا کے بدترین شہروں میں تیسرے نمبر پر دھکیل دیا گیا ہے۔ ہمارے ٹیکسز، بلڈنگز اور پورٹ کا پیسہ براہ راست شہر کی ترقی پر خرچ ہونے کے بجائے وزیر اعلیٰ ہاؤس میں پارک ہو جاتا ہے۔ وفاق سے ملنے والے اربوں روپے صوبائی حکومت ہڑپ کر رہی ہے اور کراچی کے شہریوں کو پینے کا پانی، سڑکیں اور تعلیم تک میسر نہیں۔

بقیہ 15

الیکٹرک بسیں چلائی جائیں گی۔ سندھ حکومت پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو مزید وسعت دے رہی ہے۔ شرجیل انعام میمن کے مطابق سندھ حکومت کی ترجیح ہے کہ جدید پبلک

کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ، گڈز ٹرانسپوٹرز نے کراچی سے اسلام آباد سامان کی ترسیل بند کردی

کنٹینرز پکڑے جانے کے باعث گڈز ٹرانسپورٹ کو بھاری نقصان کا سامنا ہے، جس کے سبب گڈز ٹرانسپورٹ نے لوڈنگ بند کردی ہے

اسلام آباد اور پنجاب میں کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ کے باعث شپنگ کمپنیز نے گڈز ٹرانسپورٹ کو کنٹینرز کی ترسیل بند کردی اور کنٹینرز گراؤنڈ کردیے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اسلام آباد اور پنجاب میں کنٹینرز کی پکڑ دھکڑ کے معاملے پر گڈز ٹرانسپورٹ سپریم کونسل نے کراچی سے اسلام آباد اشیائے خورونوش سمیت دیگر سامان کی ترسیل بند کردی۔ چیئرمین گڈز ٹرانسپورٹ سپریم کونسل کے مطابق کنٹینرز پکڑے جانے کے باعث گڈز ٹرانسپورٹ کو بھاری نقصان کا سامنا ہے، جس کے سبب گڈز ٹرانسپورٹ نے لوڈنگ بند کردی ہے۔ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 46

نیو کراچی ٹاؤن انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کی بحالی نو کیلئے اہم اجلاس

وسائل کی کمی اور مسائل کے انبار کی وجہ سے کارکردگی متاثر ہو رہی ہے۔ عقیل اختر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میونسپل کمشنر نیو کراچی ٹاؤن ذوالفقار علی کی خصوصی ہدایت پر سینئر ایڈمن ڈائریکٹر شمونہ صدف نے انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کے افسران اور ملازمین کے ساتھ ایک اہم اجلاس منعقد کیا۔ اجلاس کا مقصد انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کو فعال، مؤثر اور // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 29

شیخ عبدالقادر جیلانی نے مخلوق کی بہتر رہنمائی فرمائی۔ پیر عبدالقادر شیرازی

یوم غوث الاعظم آج نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) جماعت اہلسنت کے زیر اہتمام ملک بھر کی طرح کراچی میں بھی اسلامی مہینہ ربیع الثانی کی گیارہویں تاریخ جمعرات کو یوم سیدنا غوث الاعظم ؓ نہایت عقیدت و احترام کے ساتھ منایا جائے گا۔ کراچی کے بیشتر مقامات مساجد، مدارس اور خانقاہوں میں سالانہ بڑی گیارہویں شریف کے اجتماعات سے ائمہ، خطبا اور علمائے کرام خطاب کریں گے جس میں حضور غوث الاعظم شیخ عبدالقادر جیلانی کی دینی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا۔ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 30

ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن نمائش و کانفرنس میں سرسید یونیورسٹی کی شرکت

نمائش میں سرسید یونیورسٹی کا اسٹال توجہ کا مرکز رہا، منفرد اور جدید پراجیکٹس پیش کیے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سرسید یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی نے کراچی ایکسپو سینٹر میں منعقدہ 28ویں انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن نمائش و کانفرنس، آئی ٹی سی این ایشیا 2026 میں بھرپور شرکت کی، اس تقریب میں ٹیکنالوجی کے مستقبل اور مختلف شعبوں پر اس کے اثرات کے موضوع پر تبادلہ خیال کرنے کے لیے آئی ٹی سے وابستہ صنعت // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 31

تعلیمی اداروں کو تصادم کی آماجگاہ نہ بنایا جائے۔ سمیع سواتی

سندھ یونیورسٹی میں جمعیت طلبہ اسلام کے اجلاس میں مداخلت قابلِ مذمت ہے

کراچی (پ ر) جمعیت علما اسلام سندھ کے میڈیا کوآرڈینیٹر مولانا سمیع الحق سواتی نے سندھ یونیورسٹی جامشورو میں جمعیت طلبا اسلام کے تعارفی اجلاس میں مبینہ طور پر بعض عناصر کی جانب سے خلل ڈالنے کی کوشش کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ تعلیمی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 32

شکارپور: 1998 سے قائم سرکاری پرائمری اسکول بند

سینکڑوں بچے تعلیم کی بنیادی سہولت سے محروم؛ دیہاتیوں کا احتجاج

شکارپور (نامہ نگار) شکارپور کے گاں عظمت خان جعفری میں 1998 سے قائم سرکاری پرائمری اسکول اچانک بند ہونے کے باعث سینکڑوں معصوم بچے تعلیم کی بنیادی سہولت سے محروم ہوگئے، اسکول کی بندش کے خلاف علاقہ مکینوں نے محکمہ تعلیم کے خلاف احتجاج کرتے ہوئے فوری طور پر اسکول بحال کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ درخواست گزار نور محمد جعفری اور دیگر دیہاتیوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گاں عظمت خان جعفری میں 1998 سے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 33

دادو شہر کے 24 وارڈ میں گٹر نالوں پر ڈھکن کی عدم موجودگی

شہری حلقوں نے تشویش کا اظہار کردیا، ڈپٹی کمشنر دادو اور سیشن جج دادو سے نوٹس لینے کا مطالبہ

دادو (بیورو رپورٹ) دادو شہر کے 24 وارڈ میں گٹر نالوں پر ڈھکن نہ ہونے پر شہری حلقوں نے تشویش کا اظہار کرکے انسانی جانی ذیاع ہونے خدشہ ظاہر کردیا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر میں میونسپل انتظامیہ کی توجہ اور بجٹ مختص ہونے کے باوجود بھی دادو شہر کے کچہری روڈ، اسٹیشن روڈ، مرکپور روڈ سمیت شہر کے 24 وارڈ پر گٹر نالون پر ڈکن نہی ہے جس کی وجہ سے کسی بھی بڑے انسانی جانی ذیاع ہونے کا خدشہ ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر دادو اور سیشن جج دادو سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر اہم مسئلے پر نوٹس لیا جائے دوسری جانب خبر کے سلسلے میں موسپل کے سی ایم او مختیار راجپوتو اور وائس // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 34

سندھ تھیٹر فیسٹیول کے پانچویں روز ڈرامہ سکرات پیش کردیا گیا

دیہی معاشرے کی فرسودہ رسومات اور وڈیروں و مرشدوں کے من مانے فیصلوں کو موضوع بنایا، افق بشیر

کراچی (نامہ نگار) آرٹس کونسل آف پاکستان کراچی اور آرٹس کونسل آف پاکستان لاڑکانہ کے مشترکہ تعاون سے جاری "سندھ تھیٹر فیسٹیول 2026۔ لاڑکانو" کے پانچویں روز ڈرامہ "سکرات" پیش کیا گیا جس کے مصنف افق بشیر چنہ جبکہ ہدایت کار فقیر محمد عرف کھیرو بزو تھے۔ ڈرامے میں اسٹیج اور ڈراموں کے معروف اداکار کھیرو بزو، سیما چانڈیو، ظفر کوکر، // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 35

حیدرآباد پولیس کی کارروائیوں میں دس ملزمان گرفتار

ٹنڈو جام پولیس نے دوران پیٹرولنگ مین پوری سپلائرز بنام رانا سلطان راجپوت کو گرفتار کرلیا

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) حیدرآباد پولیس کی جرائم پیشہ عناصر، منشیات و مین پوری گٹکا سپلائرز کے خلاف کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار۔ ڈی آئی جی حیدرآباد رینج طارق رزاق خان دھاریجو اور ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کی ہدایات پر حیدرآباد پولیس کی جانب سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ ٹنڈو جام ایس ایچ او انسپکٹر // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 36

چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب کا پیور بلاک کی تنصیب کا جائزہ

دکانداروں کی جانب سے چیئرمین فراز حسیب کا استقبال، مسائل سے آگاہ کیا گیا، اقدامات کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیئرمین لیاقت آباد ٹاؤن فراز حسیب نے وائس چیئرمین اسحاق تنولی اور [illegible] چیئرمین یونین کمیٹی 04 محمد احمد خان کے ہمراہ یونین کمیٹی نمبر 04 میں فردوس شاپنگ سینٹر کے اطراف جاری پیور بلاک کی تنصیب [illegible] // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 37

ٹنڈو آدم: حیدرآباد روڈ پر دو کاروں میں تصادم، دو افراد زخمی

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) حیدرآباد روڈ پر ٹاٹا کاٹن فیکٹری کے قریب دو کاروں کے درمیان آمنے سامنے تصادم کے نتیجے میں خاتون سمیت دو افراد زخمی ہوگئے۔ اطلاعات کے مطابق حادثے کے دوران ایک کار میں سوار ٹنڈو الہیار کی رہائشی مسمات نسرین زوجہ غلام نبی لنڈ کے سینے پر چوٹیں آئیں، جنہیں فوری طور پر طبی امداد کے لیے سلیمان روشن اسپتال ٹنڈو آدم منتقل کیا گیا۔ حادثے میں دوسری کار میں سوار زین محمد ولد جان محمد شورو، سکنہ پیر وفقیر شورو، جھول روڈ ٹنڈو آدم بھی ٹانگ اور سینے پر چوٹیں لگنے کے باعث زخمی ہوگئے، جنہیں بھی علاج کے لیے سلیمان روشن اسپتال منتقل کیا گیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر متعلقہ حکام کی جانب سے حادثے کی وجوہات اور قانونی کارروائی سے متعلق مزید معلومات تاحال سامنے نہیں آسکیں۔

جماعت اصلاح المسلمین و روحانی طلبہ جماعت کا اجتماع

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) جماعت اصلاح المسلمین و روحانی طلبہ جماعت برانچ عثمان آباد کا روح پرور اجتماع زیر سرپرستی خلیفہ فیاض طاہری کے منعقد ہوا۔ تلاوت کلام پاک کے بعد نعت و منقبت احسن طاہری اور مجیب الرحمٰن طاہری نے پڑھی۔ جسکے بعد خلیفہ اصغر صادق طاہری نے تزکیہ نفس پر لیکچر دیتے ہوئے کہا کہ ہم نے زندگی کا مقصد دولت کمانا، اور جائیدادیں بنانا چاہیے حلال وحرام طریقے سے کیوں نا ہو بنالیا ہے۔ ہونا تو یہ چاہیے کہ زندگی کا مقصد اللہ تعالی کی رضا اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں زندگی گزاریں تاکہ ہم دنیا میں بھی کامیاب ہوں اور قبر وحشر میں بھی سرخرو ہوں۔ آج ہم ساری رات موبائل دیکھنے میں ضائع کردیتے ہیں۔ جیسے ہی نماز فجر کا وقت آتا ہے تو ہم // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 52

معذور شہری کا بااثر افراد پر جگہ پر قبضے اور دھمکیوں کا الزام

نوشہرو فیروز (بیورو رپورٹ) معذور شہری کا بااثر افراد پر مبینہ طور پر ذاتی جگہ پر قبضے اور دھمکیاں دینے کا الزام، انصاف کی اپیل احمد آباد کالونی وارڈ نمبر 2، مورو شہر کے رہائشی معذور شہری ایاز علی سولنگی نے الزام عائد کیا ہے کہ علاقے کے بااثر افراد اسے اپنی ذاتی جگہ پر تعمیرات کرنے سے مبینہ طور پر روک رہے ہیں، جبکہ اس کی جگہ کی دیوار پر بھی قبضہ کرلیا گیا ہے۔ ایاز علی سولنگی کا کہنا تھا کہ بااثر افراد مبینہ طور پر اس پر دباؤ ڈال رہے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 56

ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کا سول اسپتال مکلی کا اچانک دورہ

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کا سول اسپتال مکلی کا اچانک دورہ۔ ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ سرمد علی بھاگت نے سول اسپتال مکلی میں قائم پولیو کیمپ کا دورہ کیا اور فکس پر موجود عملے سے پولیو کے بارے میں معلومات حاصل کیں اور سول سرجن آفس بھی پہنچے اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پولیو کے دو قطرے انسانی زندگی بچاتے ہیں اور آپ لوگ انسانیت کی خدمت کررہے ہیں ضلعی انتظامیہ آپ کے ساتھ ہے۔

برنس روڈ کو بہتر بنایا جائے گا: چیف سیکریٹری آصف حیدر شاہ

آصف حیدر شاہ کی زیر صدارت برنس روڈ اور ملحقہ علاقوں کی بحالی اور خوبصورتی سے متعلق اجلاس

کراچی (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکریٹری سندھ آصف حیدر شاہ کی زیر صدارت برنس روڈ اور ملحقہ علاقوں کی بحالی اور خوبصورتی سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں ترقیاتی کاموں اور علاقے کی بہتری کے منصوبے کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں برنس روڈ کے بعض حصوں کو پیدل چلنے والوں کے لیے مختص کرنے کی تجویز پر غور کیا گیا۔ فٹ پاتھ کی بہتری، ملحقہ سڑکوں کی تزئین و آرائش اور صفائی کے انتظامات بھی زیر بحث آئے۔ چیف سیکریٹری نے کہا کہ منصوبہ برنس روڈ کی تاریخی شناخت // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 47

ڈی جی کے ڈی اے کا کورنگی کا دورہ، ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا

زین العابدین نے مختلف منصوبوں کا جائزہ لیا، کام مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق مکمل کرنے کی ہدایت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈائریکٹر جنرل کراچی ڈیولپمنٹ اتھارٹی زین العابدین انصاری نے بدھ کی علی الصبح کورنگی ٹاؤن شپ میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا دورہ کرکے کام کی رفتار اور معیار کا جائزہ لیا۔ ڈی جی کے ڈی اے نے صبح 5 بجے کورنگی ٹاؤن شپ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 49

کورنگی یوسی 7 میں سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کا کارنامہ

کچرا اٹھانے کے دوران شہریوں کی پانی کی لائنیں اکھاڑنے کا الزام

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی یوسی 7 میں سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کا کارنامہ، کچرا اٹھانے کے دوران شہریوں کی پانی کی لائنیں اکھاڑنے کا الزام کراچی کورنگی یوسی 7 میں صفائی ستھرائی کے دوران سندھ سولڈ ویسٹ مینجمنٹ کے عملے کی مبینہ غفلت کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ کچرا اٹھانے کے دوران گھروں تک پہنچائی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 51

ایمبولینس کے مبینہ خفیہ خانوں سے آئس اور چرس برآمد

اے این ایف سکھر کی 20 روز پرانی کارروائی کی تفصیلات سامنے آگئیں

شکارپور (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شکارپور: اینٹی نارکوٹکس فورس سکھر کی جانب سے تقریباً 20 روز قبل کی گئی کارروائی کی تفصیلات اب سامنے آگئیں، جس میں ایک ذاتی ایمبولینس کے مبینہ خفیہ خانوں سے آئس اور چرس برآمد کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ کارروائی کے دوران حاجی مولا بخش میمن کے فرزند حاجی لیاقت علی میمن کو گرفتار کرکے ایمبولینس بھی تحویل میں لی گئی، جبکہ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 53

انڈس ہائی وے پر مسافروں سے تین ڈکیتیاں

احتجاج کے بعد پولیس کارروائی؛ 2 مبینہ ڈاکو ہلاک، ایک زخمی

شکارپور (نامہ نگار) شکارپور: خانپور کے علاقے میں ایک ہی روز انڈس ہائی وے پر مسافروں سے ڈکیتی کی تین وارداتوں کے خلاف متاثرین اور شہریوں نے ہائی وے بلاک کرکے احتجاج کیا، جس کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی۔ واقعے کا نوٹس // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 55

چیف آپریٹنگ آفیسر میڈی کیم گروپ خرم خلیل نینی تال والا کو پی پی ایم اے ساؤتھ زون کا بلا مقابلہ چیئرمین منتخب ہونے پر ڈاکٹر قیصر وحید و دیگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

شکارپور: 3 سالہ معصوم بچہ تالاب میں ڈوب کر جاں بحق

شکارپور (نامہ نگار) میاں صاحب: شکارپور کے علاقے میاں صاحب کے قریب گاں عاقل کو ہارو میں دلخراش واقعہ پیش آیا، جہاں کھیلتے ہوئے تین سالہ معصوم بچہ پانی کے تالاب میں گر کر جاں بحق ہوگیا۔ جاں بحق بچے کی شناخت دل شیر ولد جلال کو ہارو کے نام سے ہوئی ہے۔ اہل خانہ کے مطابق دل شیر گھر کے قریب کھیل رہا تھا کہ کھیلتے ہوئے اچانک پانی کے تالاب میں جاگرا اور ڈوبنے کے باعث بے ہوش ہوگیا۔ واقعے کے فوری بعد ورثا نے بچے کو بے ہوشی کی حالت میں ڈاکٹر کے پاس پہنچایا، تاہم ڈاکٹر نے معائنے کے بعد بچے کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کردی۔ کمسن دل شیر کی لاش گھر پہنچنے پر قیامت خیز // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 48

کرکٹ ٹورنامنٹ اختتام پذیر، توفیق اسپورٹس شہداد پور فاتح

ٹنڈوالہ یار (بیورو رپورٹ) عثمان شاہ ہڑی کے نواحی گاں شاہنواز راجپوت میں یاد فرید مرحوم کرکٹ ٹورنامنٹ کا شاندار اختتام ہوگیا۔ اختتامی تقریب میں سابق سینیٹر و ضلعی ناظمہ راحیلہ گل مگسی اور حق پرست ایم پی اے رانا شوکت راجپوت نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ٹورنامنٹ کے آرگنائزر رانا فرمان راجپوت اور رانا ممتاز راجپوت کی جانب سے معزز مہمانوں کو سندھ کی ثقافت کی علامت لنگی اور اجرک کے تحائف پیش کیے گئے ٹورنامنٹ کے فائنل مقابلے میں شہداد پور کی توفیق اسپورٹس نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے کامیابی حاصل کی، جبکہ ٹنڈو الہ یار کی رضا اسپورٹس ٹیم رنر اپ رہی۔ فاتح ٹیم کو انعام میں موٹر سائیکل جبکہ رنر اپ ٹیم کو 50 ہزار روپے نقد // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 50

ٹریفک حادثے میں جاں بحق نوجوان کی نماز جنازہ ادا

ماتلی (ویب ڈیسک) پنجاب کے شہر لیہ سے واپسی پر ایم فائیو موٹروے گھوٹکی انٹرچینج کے قریب ٹریفک حادثے میں جاں بحق ہونے والے ماتلی کے رہائشی نوجوان محمد حیات قائمخانی کی نماز جنازہ قائمخانی پاس ماتلی میں ادا کردی گئی، جس میں ہزاروں شہریوں، تاجروں، سیاسی وسماجی شخصیات اور معززین علاقہ نے شرکت کی۔ بعدازاں مرحوم کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔ واضح رہے کہ میونسپل کمیٹی ماتلی کے چیئرمین حاجی رضوان احمد قائمخانی کی گاڑی کو پیش آنے والے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 54

پاکستان زندہ باد آرگنائزیشن کے زیر اہتمام تقریب

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) پاکستان زندہ باد آرگنائزیشن (PZBO) کے زیر اہتمام ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں تنظیم کے عہدیداران، کارکنان اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں علی رضا انصاری، غلام حسین بالاری، ڈاکٹر محمد شاہد بھٹو، قمر الدین کاندھڑو، سید امام الحق شاہ، محمد ایوب کوسو، مشتاق اکبر میمن، غلام محمد کاکڑ، عزیز اللہ // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 57

کراچی میں غیر قانونی پارکنگ اور بچت بازاروں کیخلاف کارروائی تیز کرنیکا فیصلہ

غیر قانونی فیس وصول کرنے والوں کی گرفتاریاں ہوں گی، 33 مقامات پر غیر قانونی چارج پارکنگ کی نشاندہی، 47 مقدمات درج

جہاں پارکنگ ممنوع قرار نہیں دی گئی وہاں مفت پارکنگ ہونی چاہیے، جہاں پارکنگ کی اجازت نہیں وہاں واضح "نو پارکنگ" کے بورڈز نصب کیے جائیں، سید حسن نقوی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے شہر میں ٹریفک کے بڑھتے ہوئے دباؤ اور مسائل پر قابو پانے کے لیے غیر قانونی چارجڈ پارکنگ اور بغیر اجازت قائم بچت بازاروں کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر بنانے کی ہدایت کردی۔ کمشنر کراچی کی زیر صدارت اجلاس میں ڈپٹی کمشنرز، ٹریفک پولیس، بلدیہ عظمیٰ کراچی، ٹاؤن میونسپل ایڈمنسٹریشنز اور کنٹونمنٹ بورڈز کے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 59

میڈی کیم گروپ کرکٹ ایسوسی ایشن سے تعاون جاری رکھے گا، جاوید اختر کیانی

کرکٹ کے فروغ کیلئے میڈی کیم گروپ اور جنید خلیل نینی تال والا کی خدمات ناقابل فراموش ہیں، علی حسین

کراچی (پ ر) کرکٹ کے فروغ کیلئے ہمارا ادارہ میڈی کیم گروپ آف کمپنیز ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے ساتھ اپنا تعاون جاری رکھے گا اس کا اعلان مہمان خصوصی جاوید اختر کیانی گروپ میڈیا منیجر میڈی گروپ آف کمپنیز نے گزشتہ روز کے سی سی اے اسٹیڈیم پر ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام منعقد کردہ آر سی اے کے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے ٹچ می ٹرافی انڈر 15 انٹرزونل کرکٹ ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 61

چیئرمین میونسپل کمیٹی فیاض محمود شیخ بس اسٹینڈ کا دورہ

غیر قانونی تجاوزات پر سخت برہمی، فوری خاتمے اور رپورٹ پیش کرنے کا حکم

شکارپور (نامہ نگار) شکارپور: پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور فیاض محمود شیخ نے میونسپل کمیٹی کے اعلیٰ افسران کے ہمراہ شہر کے مرکزی بس اسٹینڈ کا اچانک اور تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے بس اسٹینڈ کے مختلف حصوں کا معائنہ کرتے ہوئے صفائی ستھرائی، مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات، بنیادی ڈھانچے اور ٹریفک کی روانی کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران چیف میونسپل آفیسر عابد لطیف راجپوت اور دیگر متعلقہ افسران نے چیئرمین میونسپل کمیٹی فیاض محمود شیخ کو بس اسٹینڈ کے انتظامات، بنیادی ڈھانچے اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ معائنے کے دوران بس اسٹینڈ کے اندر اور // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 60

یونین کونسل سرجانی میں کے الیکٹرک کے حکام کیساتھ اجلاس

شہریوں کو درپیش مسائل اور عوامی شکایات کے۔ الیکٹرک حکام کے سامنے واضح طور پر پیش کی گئیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) یونین کونسل سرجانی [illegible] // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 63

ایس پی حب مرزا بلال حسن کی کمشنر لسبیلہ سائرہ عطا کو بریفنگ

مختلف کارروائیوں کے دوران متعدد ملزمان کو گرفتار کیا گیا، ایس پی حب مرزا بلال حسن

حب (ویب ڈیسک) ایس پی حب مرزا بلال حسن [illegible] // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 62

سلمان طالب کی ڈی ایس پی شارع فیصل اسد علیم سے ملاقات

کاروباری مراکز کے تحفظ سے متعلق تاجر برادری کے تحفظات ڈی ایس پی صاحب کے سامنے پیش کیے گئے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ملاقات کے دوران ڈسٹرکٹ ایسٹ کی تاجر برادری کو درپیش مختلف کاروباری اور سیکیورٹی مسائل پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ خصوصاً چوری ڈکیتی، تجاوزات، سیکیورٹی، پولیس پیٹرولنگ اور کاروباری مراکز کے تحفظ سے متعلق تاجر برادری کے تحفظات // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 38

چیئرمین طارق عزیز بلوچ سے معززین اور افسران کی ملاقات

انفراسٹرکچر، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی شہری مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ سے علاقائی معززین اور میونسپل کمشنر ملک تجمل ایاز سے محکمہ جاتی افسران نے ملاقات کی، جس میں گڈاپ ٹاؤن کے مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں، انفراسٹرکچر، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، صفائی ستھرائی اور دیگر بنیادی شہری مسائل پر تفصیلی غور کیا گیا۔ ملاقات میں ڈائریکٹر سٹی ٹیشن اشرف بلوچ اور ایکسین (بی اینڈ آر) مہرن ملک سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ افسران // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 39

گورنمنٹ بوائز ایلیمنٹری اسکول حاجی محمد برفت کی خستہ حالی

بنیادی سہولتوں کی عدم فراہمی سمیت دیگر مسائل کے حل کے لئے اساتذہ سراپا احتجاج

کراچی (اسٹاف رپورٹر) گڈاپ ٹاؤن میں گورنمنٹ بوائز ایلیمنٹری اسکول حاجی محمد برفت کی خستہ حالی، اساتذہ فرنیچر اسٹرکچر سمیت بنیادی سہولتوں کی عدم فراہمی سمیت دیگر مسائل کے لیے اساتذہ سراپا احتجاج طلبہ کے بہترین مستقبل کے لیے محکمہ تعلیم سے تعاون کی بھرپور اپیل تفصیلات کے مطابق ملیر گڈاپ ٹاؤن ملیر کا گورنمنٹ بوائز ایلیمنٹری اسکول حاجی محمد برفت بنیادی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 40

ڈپٹی کمشنر دادو سید مرتضیٰ علی شاہ کا جوہی کی یوسیز کا دورہ

فرنٹ لائن ورکرز سے ملاقات کرکے فیلڈ کارکردگی، ٹیلی شیٹس، کولڈ چین اور بچوں کی کوریج کا جائزہ لیا

دادو (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر دادو سید مرتضیٰ علی شاہ نے انسداد پولیو مہم کے تیسرے روز تعلقہ جوہی کی یونین کونسلو جوہی اور پیر مشائخ کا فیلڈ دورہ کیا، جہاں انہوں نے پولیو مہم میں مصروف فرنٹ لائن ورکرز سے ملاقات کرکے فیلڈ کارکردگی، ٹیلی شیٹس، کولڈ چین اور بچوں کی کوریج // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 41

عوامی تحریک اور سندھیانی تحریک کی جانب سے آگاہی مہم

سندھ کی وحدت کے خلاف ہونے والی کوششوں کے بارے میں عوام کو آگاہ کیا گیا

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) سندھ کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے، سندھ کی زمینوں اور وسائل پر قبضوں، جلالپور سمیت تمام نہروں اور ڈیموں کی تعمیر کے خلاف عوامی تحریک اور سندھیانی تحریک کی جانب سے حیدرآباد کے مختلف علاقوں میں عوامی آگاہی مہم چلائی گئی۔ اس سلسلے میں وحدت کالونی، ٹیکنیکل کالج، ایگریکلچرل کمپلیکس، گدو چوک، پٹھان گوٹھ سمیت مختلف علاقوں میں عوام میں ہینڈ بل تقسیم کیے گئے اور سندھ کی وحدت کے خلاف ہونے والی کوششوں کے بارے میں عوام کو آگاہ کیا گیا۔ عوامی آگاہی مہم کی قیادت سندھیانی تحریک کی مرکزی صدر عمرا وسموں، عوامی تحریک کے مرکزی // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 42

8 نومبر کو کراچی میں وحدتِ سندھ مارچ کا اعلان

15 اکتوبر کو لاڑکانہ میں بھی وحدت سندھ مارچ منعقد کیا جائے گا، جئے سندھ رہبر کمیٹی

حیدرآباد (بیورو رپورٹ) جیے سندھ رہبر کمیٹی کا سربراہی اجلاس نجی ستار ڈنو چولیانی ہاس حیدرآباد میں رہبر کمیٹی کے سربراہ اور جیے سندھ محاذ کے چیئرمین ریاض علی چانڈیو کی صدارت میں ہوا، جس میں جسقم (ش۔ب) کے چیئرمین ڈاکٹر نیاز کالانی، جیے // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 43

میرپورخاص میں انقلاب فاؤنڈیشن کا پہلا سالانہ اجلاس

چیئرپرسن ایڈوکیٹ عائشہ ملک نے خصوصی طور پر اسلام آباد سے آکر شرکت کی

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص میں انقلاب فاؤنڈیشن کا پہلا سالانہ اجلاس منعقد ہوا جس میں چیئرپرسن ایڈوکیٹ عائشہ ملک نے خصوصی طور پر اسلام آباد سے آکر شرکت کی اور فاؤنڈیشن کے مشن اور وژن کی تفصیلات بیان کیں۔ اجلاس میں حیدرآباد سے چیف حارث خان نے شرکت کی، اس موقع پر فیڈرل پریزیڈنٹ احسن ظہیر اور فیڈرل وومن ہیڈ افشین اقبال بھی موجود تھے تقریب کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا جو محمد حنیف قریشی نے کی، جبکہ عبدالوہاب مغل نے نعتِ رسول مقبول ﷺ پیش کرنے کا شرف حاصل کیا۔ بعدازاں تمام شرکائے محفل نے باآواز بلند قومی ترانہ پڑھا۔ تقریب میں میرپورخاص کابینہ کے ارکان کو بیجز لگائے گئے جن میں صدر ہشام شیخ، وائس پریزیڈنٹ فیضان شیخ، جنرل سیکریٹری وہاب مغل، وومن ہیڈ راحمہ شیخ اور میڈیا ہیڈ مزمل خان شامل // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 44

ڈپٹی کمشنر شہید بینظیرآباد عبدالصمد نظامانی کا مختلف علاقوں کا دورہ

بچوں کو پولیو کے قطرے پلانے کے بعد کیے جانے والے نشانات اور بچوں کی فنگر مارکنگ کا تفصیلی جائزہ

نواب شاہ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر شہید بینظیرآباد عبدالصمد نظامانی نے ضلع شہید بینظیرآباد [illegible] محروم نہ رہے اور ہر گھر تک رسائی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے ضروری [illegible] // باقی صفحہ نمبر 3، بقیہ نمبر 45